آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 34 | بروز پیر 21 مارچ 2022ء بمطابق 17 شعبان 1443ھ | شمارہ نمبر 67

ریکوڈک کیس میں بڑی خوشخبری، پاکستان پر 11 ارب ڈالر کا جرمانہ ختم

ریکوڈک منصوبے پر دستخط کر لئے گئے بلوچستان کو 25 فیصد حصے کا شراکت دار بنایا گیا ہے صوبے میں 10 ارب روپے کی سرمایہ کاری ہوگی 1 ارب روپے سماجی بہتری کے منصوبوں پر خرچ ہونگے

معاہدے کے تحت ریکوڈک منصوبے پر کام کے لئے قائم کی جانے والی نئی کمپنی کا 50 فیصد حصہ بیرک گولڈ جبکہ دیگر 50 فیصد حصہ پاکستان کی ملکیت ہوگا

ریکوڈک کان کی ڈویلپمنٹ کیلئے بیرک گولڈ کے ساتھ کامیاب معاہدے پر بلوچستان کی قوم اور عوام کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، عمران خان

کوئٹہ/اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے ریکوڈک منصوبے پر کام کرنے والی کمپنی سے تنازع ختم ہونے اور پاکستان پر 11 ارب ڈالر کا جرمانہ ختم ہونے کی خوشخبری سنادی۔ وزیراعظم عمران خان نے اپنے ٹویٹ میں کہا کہ 10 سال کی قانونی لڑائیوں اور گفت وشنید کے بعد بالآخر ریکوڈک کان کی ڈویلپمنٹ کیلئے بیرک گولڈ کے ساتھ کامیاب معاہدے پر بلوچستان کی قوم اور عوام کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ تقریباً 11 ارب ڈالر کا جرمانہ آف سیٹ ہوا ہے، دس ارب ڈالر بلوچستان میں لگائے جائیں گے جس سے 8 ہزار نئی ملازمتیں پیدا

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو صوبائی کابینہ کے خصوصی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	05:45
ظہر	02:00
عصر	05:30
مغرب	06:45
عشاء	08:15
اہل تشیع فجر صبح	05:15
اہل تشیع ظہرین	01:00
اہل تشیع مغربین	07:00

بلوچستان اب سرمایہ کاری اور تعمیر وترقی کا میدان بنے گا

وزیراعلیٰ بلوچستان

بلوچستان حکومت نے سونے اور تانبے کے اربوں ڈالر مالیت کے ریکوڈک منصوبے پر نئے معاہدے اور سمجھوتے کی منظوری دی تھی۔ معاہدے پر دستخط کے بعد میر عبدالقدوس بزنجو اور مسٹر مارک برسٹو کے درمیان ملاقات ہوئی جس میں مستقبل کے لائحہ عمل پر بات کی گئی

وزیراعلیٰ کا کہنا تھا کہ وزیراعظم، آرمی چیف اور وفاقی وزیرخزانہ کے مشکور ہیں۔ انہوں نے ہماری تلخ باتوں کو بھی برداشت کیا۔ بیرک گولڈ کمپنی کے صدر نے کہا کہ ماضی کو بھلا کر مستقبل کی جانب ایک اچھے سفر کا آغاز کرنے جارہے ہیں

بلوچستان اب انٹرنیشنل کانمیں۔ بلکہ سرمایہ کاری اور تعمیر وترقی کا میدان بنے گا۔ ریکوڈک پر فیصلے میں 10 سال کی تاخیر کا نقصان سرمایہ کاروں اور ہماری نسلوں کو پہنچا۔ ریکوڈک منصوبہ بلوچستان کو دنیا بھر سے جوڑے گا، میر عبدالقدوس بزنجو

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو اور بیرک گولڈ کمپنی کے صدر مسٹر مارک برسٹو نے ریکوڈک کے حوالے سے نئے معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔ گذشتہ روز بلوچستان حکومت نے سونے اور تانبے کے اربوں ڈالر مالیت کے ریکوڈک منصوبے پر نئے معاہدے اور سمجھوتے کی منظوری دی تھی۔ معاہدے پر دستخط کے بعد میر عبدالقدوس بزنجو اور مسٹر مارک برسٹو کے درمیان ملاقات ہوئی جس میں مستقبل کے لائحہ عمل پر بات کی گئی۔ میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ بلوچستان اب انٹرنیشنل کانمیں۔ بلکہ سرمایہ کاری اور تعمیر وترقی کا میدان بنے گا۔ ریکوڈک پر فیصلے میں 10 سال کی تاخیر کا نقصان سرمایہ کاروں اور ہماری نسلوں کو پہنچا۔ ریکوڈک منصوبہ بلوچستان کو دنیا بھر سے جوڑے گا۔ وزیراعلیٰ کا کہنا تھا کہ وزیراعظم، آرمی چیف اور وفاقی وزیرخزانہ

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

مالاکنڈ وزیراعظم عمران خان جلسہ عام سے خطاب کررہے ہیں

عمران خان کو تحریک عدم اعتماد میں اپنی شکست نظر آرہی ہے

بلاول بھٹو

وزیراعظم عمران خان اور اسپیکر قومی اسمبلی نے آئین پاکستان کو توڑا ہے، آئین شکنی کے خلاف عدالت سے رجوع کریں گے، چیئرمین پیپلزپارٹی کا پریس کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلزپارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ آئین کے مطابق تحریک پیش ہونے کے بعد 14 روز میں اجلاس نہ بلانا آئین شکنی ہے، وزیراعظم عمران خان اور اسپیکر قومی اسمبلی نے آئین پاکستان کو توڑا ہے، آئین شکنی کے

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

اسلاموفوبیا کے خلاف وزیراعظم عمران خان کی کوششیں رنگ لے آئیں، نور محمد دمڑ

بالآخر دنیا نے وزیراعظم عمران خان اور پاکستان کا موقف تسلیم کرلیا جس پر وزیراعظم عمران خان اور پاکستانی قوم خصوصی مبارکباد کے مستحق ہیں، بیان

کوئٹہ (ٹی این) سینئر صوبائی وزیرخزانہ نور محمد دمڑ نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے اسلاموفوبیا کے خلاف عالمی دن منانے کی قرارداد منظور کرنے پر وزیراعظم عمران خان، پاکستانی قوم اور پوری امت مسلمہ کو مبارک باد دیتے ہوئے کہا ہے کہ اسلاموفوبیا کے خلاف وزیر

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

چار سال سے اقتدار کا روزہ رکھا ہوا ہے، جلد حلقے کے عوام کے ساتھ روزہ کھولوں گا، چوہدری نثار

حلقے کے عوام کو میرے لئے ووٹ مانگنے پر کبھی شرمندگی نہیں ہوگی، میں نے کبھی ضمیر کا سودا نہیں کیا، نہ مجھے کوئی ووٹ نہیں دے گا، جلسے سے خطاب

راولپنڈی (آن لائن) سابق وزیرداخلہ چوہدری نثار نے کہا ہے کہ چار سال سے اقتدار کا روزہ رکھا ہوا ہے اب لگ رہا ہے بہت جلد اپنے حلقے کے عوام کے ساتھ روزہ کھولوں گا۔ اپنے حلقے میں منعقدہ ایک جلسے سے خطاب کرتے ہوئے چوہدری نثار علی خان نے کہا

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

بلوچستان میں متواتر دوسرے دن کورونا وائرس کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں متواتر دوسرے دن کورونا وائرس کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا،

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

لہڑی میں پاک آرمی اور فرنٹیئر کور بلوچستان سے یکجہتی کے اظہار کیلئے ریلی کا انعقاد

کوئٹہ (این این آئی) قبائلی عمائدین، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور مقامی افراد نے پاک آرمی اور

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

ایرانی حکام نے فارن ایکٹ کے تحت گرفتار 26 پاکستانی سرحدی فورسز کے حوالے کردیا

چاغی (آن لائن) ایرانی حکام نے فارن ایکٹ کے تحت گرفتار 26 پاکستانی سرحدی فورسز کے حوالے

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

ایف سی نے بلوچستان میں قیام امن کیلئے گراں قدر خدمات سرانجام دی ہیں، میر سلیم احمد خان کھوسہ

مانجھی پور (این این آئی) رکن صوبائی اسمبلی میر سلیم احمد خان کھوسہ نے بسی کے علاقے میں سیکورٹی فورسز پر حملے کی سخت مذمت کرتے ہوئے دہشت گردی کے واقعے میں شہید ہونے والے جوانوں پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایف سی نے بلوچستان میں قیام امن کیلئے گراں قدر خدمات سرانجام دے رہی ہے انہیں

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

دکی مقامی کوئلہ کان میں زہریلی گیس کے پھیلنے کے باعث دھماکہ ہوا

دکی (آن لائن) مقامی کوئلہ کان میں زہریلی گیس کے پھیلنے کے باعث دھماکہ ہوا۔ پولیس کے مطابق

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

قومی اسمبلی اجلاس کا 21 مارچ کے بعد انعقاد غیر آئینی اور غیر قانونی ہے، سعد رفیق

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما سابق وزیر خارجہ سعد رفیق نے

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

پوش گھنٹوں میں کورونا وائرس سے مزید 375 مریض جاں بحق

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں کورونا وائرس سے 24 گھنٹوں کے دوران مزید ایک فرد جان

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

مولانا فضل الرحمن کی شہباز شریف سے ملاقات سیاسی صورتحال تحریک عدم اعتماد اور جوڑ توڑ پیش رفت پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) پی ڈی ایم کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے اپوزیشن لیڈر میاں شہباز شریف

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

پیپلزپارٹی نے مجھے 16 کروڑ روپے کی پیشکش کی ہے، نصرت واحدی کا دعویٰ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی رکن قومی اسمبلی نصرت واحد نے دعویٰ کیا ہے کہ

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

اتفاق رائے سے ریکوڈک معاہدے کی منظوری

وزیراعلیٰ بلوچستان | زیر صدارت بلوچستان | کابینہ کا اجلاس

پراجیکٹ کمپنی منصوبے پر 8 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کرے گی جو کہ ملکی تاریخ کی سب سے بڑی سرمایہ کاری ہوگی مجموعی طور پر بلوچستان کو ریکوڈک منصوبے سے 33 فیصد سے زائد فنانشل بینیفٹ حاصل ہوگا

روزگار کے تقریباً 8 ہزار مواقع دستیاب ہوں گے معاہدے میں بلوچستان کے تمام ٹیکسوں، رائلٹی اور سی ایس آر کا تحفظ کیا گیا ہے اور علاقے کی ترقی کا خصوصی پیکج بھی شامل کروایا گیا ہے

اسلام آباد وزیراعظم عمران خان وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو وفاقی وزراء صوبائی پارلیمانی سیکرٹری ریکوڈک معاہدے پر دستخط کی تقریب میں موجود ہیں

اسلاموفوبیا کے خلاف وزیراعظم عمران خان کی کوششیں رنگ لے آئیں، نور محمد دمڑ

بالآخر دنیا نے وزیراعظم عمران خان اور پاکستان کا موقف تسلیم کرلیا جس پر وزیراعظم عمران خان اور پاکستانی قوم خصوصی مبارکباد کے مستحق ہیں، بیان

کوئٹہ (ٹی این) سینئر صوبائی وزیرخزانہ نور محمد دمڑ نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے اسلاموفوبیا کے خلاف عالمی دن منانے کی قرارداد منظور کرنے پر وزیراعظم عمران خان، پاکستانی قوم اور پوری امت مسلمہ کو مبارک باد دیتے ہوئے کہا ہے کہ اسلاموفوبیا کے خلاف وزیر

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

حکومت بلوچستان نے امریکی کمپنی بیرک گولڈ سے یہ معاہدہ کیا ہے جو پہلے ہی بلوچستان کو گذشتہ تیس سال سے سراب کے پیچھے لگایا ہے، سینیٹر (ر) امان اللہ کنرانی

کوئٹہ (این این آئی) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر سینیٹر (ر) امان اللہ کنرانی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان کابینہ کا ہفتہ کے روز ثلاث میں ریکوڈک ڈیل کی منظوری آئندہ 6 نسلوں کے حق پر ڈاکہ اور اپنے اقتدار کو بچانے کا حربہ و ریاست کے طاقتور ادارے کی خوشنودی اس کے مفادات کا تحفظ ہے پہلے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

مالاکنڈ وزیراعظم عمران خان جلسہ عام سے خطاب کررہے ہیں

منحرف اراکین کو نوٹس جاری، سات دن کے اندر پوزیشن واضح کرنے کا کہا ہے، فواد چوہدری

عثمان بزدار کو ہٹانے کا پلان ہم چاہتے تو ہیں لیکن اس وقت وہاں ایک صورتحال ہے، وزیراعظم یقیناً اس پر غور کریں گے

ایک ہفتے بعد ان کی نشستوں کو خالی قرار دینے کی کارروائی ہوگی اور تمام اراکین تاحیات نااہل ہوں گے، وزیراطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیراطلاعات چوہدری فواد حسین نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کے منحرف اراکین کو نوٹس جاری کئے گئے ہیں اور سات دن کے اندر پوزیشن واضح کرنے کا کہا ہے۔ اتوار کو اپنے بیان میں وفاقی وزیراطلاعات نے کہا کہ تحریک انصاف کے منحرف اراکین کو نوٹس جاری کئے گئے ہیں اور سات دن کے اندر پوزیشن واضح کرنے کا کہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک ہفتے بعد ان کی نشستوں کو خالی قرار دینے کی کارروائی ہوگی اور تمام اراکین تاحیات نااہل ہوں

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

لگتا ہے کہ شیخ رشید کی تجویزیں بے اثر ہوچکی ہیں، طاہر بزنجو

حکمران جماعت سنجیدگی کا مظاہرہ کرے باہمی ٹکراؤ کی صورت میں جمہوری عمل کو نقصان پہنچ سکتا ہے، سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر طاہر بزنجو نے کہا ہے کہ لگتا ہے کہ شیخ رشید کی تجویزیں بے اثر ہوچکی ہیں، حکمران جماعت سنجیدگی کا مظاہرہ کرے باہمی ٹکراؤ کی صورت میں جمہوری عمل کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار رہنما

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

کوئی مائی کا لعل ہے تو آئی سی کانفرنس میں مداخلت کرکے بتائے، شیخ رشید

کوئی مائی کا لعل ہے تو آکر او آئی سی کانفرنس میں مداخلت کر کے بتائے، ان کی چیخیں آسمان تک سنائی دیں گی

او آئی سی اجلاس سے متعلق دھمکی، ذمہ داروں کا ایک فون آیا اور اپوزیشن لیٹ گئی، وزیرداخلہ کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیرداخلہ شیخ رشید احمد نے او آئی سی اجلاس سے متعلق اپوزیشن کے دھمکی آمیز بیان پر کہا ہے کہ ذمہ داروں کا ایک فون آیا اور آپ نوے کے زاویے پر لیٹ گئے کہ ہم تو ساتھ ہیں اور کانفرنس کامیاب دیکھنا چاہتے ہیں، اب بولو نا، اگر ہمت ہے تو آکر بتاؤ، کسی میں ہمت وجرات ہے، کوئی مائی کا لعل ہے تو آکر او آئی سی کانفرنس میں مداخلت کر کے بتائے، میں اس کو بتاؤں گا اس کا نتیجہ کیا نکلے گا اور ان کی چیخیں آسمان تک سنائی دیں گی، بلاول کے ابھی سیاست میں دودھ کے دانت نہیں ٹوٹے کہہ رہا ہے ہم دھمکا دیں گے، او آئی سی کانفرنس کو ناکام کرنے کی کوشش کرنے والا سامراجی ایجنٹ ہے، آئین کی دفعہ 254 کے تحت اگر حالات کا تقاضہ ہو تو اسپیکر اجلاس کی کارروائی کو آگے بڑھا سکتا ہے جس پر کئی عدالتی فیصلے موجود ہیں، حکومتی اتحادی بھی مشاورت کے بعد عمران خان کے ساتھ چلنے کا فیصلہ کریں گے، اسلامی تعاون تنظیم کی وزرائے خارجہ کونسل کے اجلاس کیلئے 15 ہزار

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

نظریے کی بنیاد پر بننے والا ملک بدقسمتی سے 74 سالوں سے نظریاتی قیادت اور سیاست سے محروم ہے، سراج الحق

لوٹا کریسی اور مفادات کے گٹھجوڑ نے عوام کو ہمیشہ مایوس کیا، ملک معاشی، سیاسی، معاشرتی طور پر آگے بڑھنے کی بجائے پیچھے کی طرف سفر کررہا ہے

عدم اعتماد لانے والی پارٹیوں اور حکومت کا دفاع کرنے والوں میں میرا پورا زور لگا اور تیرا پورا مردہ باد کی لڑائی ہے، امیر جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ نظریے کی بنیاد پر بننے والا ملک بدقسمتی سے 74 سالوں سے نظریاتی قیادت اور سیاست سے محروم ہے۔ لوٹا کریسی اور مفادات کے گٹھجوڑ نے عوام کو ہمیشہ مایوس کیا۔ ملک معاشی، سیاسی، معاشرتی طور پر آگے بڑھنے کی بجائے پیچھے کی طرف سفر کررہا ہے۔ تبدیلی کی دعوے دار پی ٹی آئی حکومت ساڑھے تین سالوں میں اپنی ہی ناکامیوں اور نامرادیوں کے بوجھ تلے دب گئی۔ عدم اعتماد لانے والی پارٹیوں اور حکومت کا

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان نے صوبائی اسمبلی کا اجلاس 22 مارچ کو طلب کرلیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان نے صوبائی اسمبلی کا اجلاس 22 مارچ کو طلب کرلیا ہے صوبائی اسمبلی کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق گورنر بلوچستان سید ظہور آغا نے آئین کے آرٹیکل 109(A) کے تحت صوبائی اسمبلی کا اجلاس 22 مارچ بروز منگل سہ پہر 3 بجے طلب کرلیا ہے سیکیورٹی کی موجودہ صورتحال کے پیش نظر

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

اتحادیوں کو کوئی گارنٹی نہیں دی گئی کسی معاہدے کا علم نہیں، فضل الرحمن

ایم این اے کیساتھ 10 مہمان تھے، انصار الاسلام نے 14 دن تک اسلام آباد میں 15 لاکھ لوگوں کو سنبھالا، انصار الاسلام کے پاس کوئی اسلحہ نہیں ہوتا

حکومت جلسے کا اعلان کرکے تصادم کا راستہ اپنا رہی ہے، ہم ملک کے وفادار ہیں، ہر قیمت پر اس حکومت کو گھر بھیجنا ہے، جمہوریت کو کوئی خطرہ نہیں، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) پی ڈی ایم کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ اتحادیوں کو کوئی گارنٹی نہیں دی گئی، کسی معاہدے کا علم نہیں ہے، حکومت جلسے کا اعلان کرکے تصادم کا راستہ اپنا رہی ہے، ہم ملک کے وفادار ہیں، ہر قیمت پر اس حکومت کو گھر بھیجنا ہے، جمہوریت کو کوئی خطرہ نہیں۔ ایک انٹرویو میں مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ حکومت جلسے کا اعلان کرکے تصادم کا راستہ اپنا رہی ہے، حکومت کی جانب سے امن قائم کیا جاتا ہے تصادم نہیں، پارلیمنٹ لاجز میں پوری اسلام آباد پولیس کو بھیج دیا گیا تھا، ایم این اے کیساتھ 10 مہمان تھے، انصار الاسلام نے 14 دن تک اسلام آباد میں 15 لاکھ لوگوں کو سنبھالا، انصار الاسلام کے پاس کوئی اسلحہ نہیں ہوتا۔ پی ٹی آئی کے سربراہ نے کہا کہ تاثر بن گیا ہے دہشت گرد صرف کلاشنکوف والا یا مذہبی جماعت کا ہوگا،

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

آرٹیکل 63 اے اس کے خلاف لگتا ہے جو اپنی پارٹی کے خلاف ووٹ دے، اعتزاز احسن

اسلام آباد میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ سب کے سامنے ہے، آپ پیسے پر بکو یا ٹکٹ پر یہ سودے بازی ہے، میڈیا سے گفتگو

لاہور (آن لائن) پاکستان پیپلزپارٹی کے سینئر رہنما اعتزاز احسن نے کہا ہے کہ آرٹیکل 63 اے اس کے خلاف لگتا ہے جو اپنی پارٹی کے خلاف ووٹ دے اور کوئی بھی رکن اسمبلی ووٹ سے پہلے نااہل نہیں ہوسکتا۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پاکستان پیپلزپارٹی کے سابق سینیٹر اعتزاز احسن نے کہا کہ اسلام آباد میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ سب کے سامنے ہے اور جو کچھ نہیں ہو رہا وہ بھی سب کے سامنے ہے۔ اعتزاز احسن نے تحریک عدم اعتماد پر بات کرتے ہوئے کہا کہ کوئی بھی

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وزیرخزانہ شوکت ترین پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

رشوت دے کر حکومت بچانے پر لعنت بھیجتا ہوں، عمران خان

جدھر اقتدار ہوتا ہے لوٹا ادھر چلا جاتا ہے، ضمیر فروش پیسے لیکر اپنے ملک اور جمہوریت کا سودا کرتا ہے، آپ جتنا کہیں ضمیر جاگ گیا، لوگ نہیں مانیں گے

جو غلطی کر بیٹھے ہیں، پارٹی سربراہ آپ کے باپ کی طرح ہے، ہمیشہ آپ کے ہم کے ساتھ ضمیر فروش لگ جائیگا، آپ کیلئے شادی میں جانا مشکل ہوجائیگا، عمران خان کا خطاب

ملاکنڈ (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ حکومت بچانے پر لعنت بھیجتا ہوں، جدھر اقتدار ہوتا ہے لوٹا ادھر چلا جاتا ہے، ضمیر فروش پیسے لیکر اپنے ملک اور جمہوریت کا سودا کرتا ہے، آپ جتنا کہیں ضمیر جاگ گیا، لوگ نہیں مانیں گے، جو غلطی کر بیٹھے ہیں، پارٹی سربراہ آپ کے باپ کی طرح ہے، ہمیشہ آپ کے ہم کے ساتھ ضمیر فروش لگ جائیگا، آپ کیلئے شادی میں جانا مشکل ہوجائیگا، لوگ آپ کے بچوں سے شادی نہیں کریں گے، اسکول میں آپ کے بچوں کو برا بھلا کہا جائیگا، جو ایم این اے غلطی کر بیٹھے، آپ کو معاف کردوں گا واپس آجائیں، سندھ ہاؤس میں ایم این اے کو بند کرکے جمہوریت کا جنازہ نکالا گیا، ملک کی عدلیہ اور الیکشن کمیشن بھی دیکھ رہے ہیں، عوام فیصلہ کریں آپ کدھر کھڑے ہیں؟ عوام کا پیسہ چوری کرکے حکومت بچانے سے بہتر ہے حکومت چلی جائے، تمہری اسٹوجز ملک سے دور کرنے جارہے ہیں جو دشمن نہیں کرتا۔ اتوار کو جلسے سے خطاب میں عمران

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

شیخ رشید بدزبانی، بدتہذیبی اور بدگوئی سے اپنی سیاست نہیں بچا سکتے، قادر پٹیل

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلزپارٹی کے رہنما عبدالقادر پٹیل نے شیخ رشید کے بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شیخ رشید بدزبانی، بدتہذیبی اور بدگوئی سے اپنی سیاست نہیں بچا سکتے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ شیخ رشید کی سیاست نالائقی کے پانی میں ڈوبی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مریم شاہ سے ویڈیو

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

ایک چوتھائی ارکان ریکوزیشن درخواست جمع کرائیں تو اسپیکر اجلاس بلانے کا پابند ہیں، مریم اورنگزیب

آئین کے آرٹیکل 54 میں لکھا ہے اسپیکر صاحب 14 روز سے زائد تاخیر نہیں کرسکتے، ترجمان (ن) لیگ

آئین شکنی کے بارے میں آرٹیکل 5 واضح ہے اور آرٹیکل 6 میں سزا لکھی ہے، آرٹیکل 95 میں عدم اعتماد کی تحریک کا طریقہ کار واضح ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ آئین کے آرٹیکل 54 کی کلاز 3 کے تحت ایک چوتھائی ارکان ریکوزیشن درخواست جمع کرائیں تو اسپیکر اجلاس بلانے کا پابند ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ آئین کے آرٹیکل 54 میں لکھا ہے کہ اسپیکر صاحب 14 روز سے زائد تاخیر نہیں کرسکتے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن نے 8 مارچ کو ریکوزیشن جمع کرائی تھی، اس طرح سے آخری دن 22 مارچ بنتا ہے، اسپیکر صاحب نے 22 مارچ سے

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

غیر حاضر اساتذہ کیخلاف کارروائی عمل میں لائی جائے، نصیب اللہ مری

سکولوں کا باقاعدگی سے دورے کرکے درس وتدریس کے عمل کی نگرانی کریں اور اساتذہ کی موجودگی کو یقینی بنائیں جائے

فرائض میں غفلت کے مرتکب اساتذہ کیخلاف بیڈا ایکٹ کے تحت کارروائی کی جائے، صوبائی وزیر تعلیم

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ مری نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسران کو اسکولوں کا دورہ کرکے اساتذہ کی حاضری کو یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ غیر حاضر اساتذہ کیخلاف کارروائی عمل میں لائی جائے فرائض میں غفلت کے مرتکب اساتذہ کیخلاف بیڈا ایکٹ کے تحت کارروائی کی جائے۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسران کے نام جاری مراسلہ میں صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ مری نے تمام اضلاع کے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسران (ڈی ای اوز) کو ہدایت کی ہے کہ وہ سکولوں کا باقاعدگی سے دورے کرکے درس وتدریس کے عمل کی نگرانی کریں اور اساتذہ کی موجودگی کو یقینی بنائیں جائے تعیناتیوں سے غیر حاضر اساتذہ کیخلاف سخت کارروائی کی جائے۔ مراسلہ میں افسران کو تاکید کی گئی ہے کہ جو افسران اس ضمن میں غفلت کا

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

مسلط شدہ حکمران ٹولہ اور انکے غریب دشمن پالیسیوں سے جان خلاصی کا وقت آن پہنچا ہے، عوامی نیشنل پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے زیر اہتمام 23 مارچ کو اہل سیکیٹیڈ وزیراعظم اور ان کے ٹولے کیخلاف لانگ مارچ کا تیر متقدم کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ مسلط شدہ حکمران ٹولہ اور انکے غریب دشمن پالیسیوں

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

گوادر کے عوام ماہی گیروں وشہریوں کے حقوق کے حصول کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائیگا، مولانا ہدایت الرحمان بلوچ

کوئٹہ (این این آئی) حق دو تحریک کے قائد جماعت اسلامی بلوچستان کے جنرل سیکرٹری مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ گوادر کے عوام ماہی گیروں وشہریوں کے حقوق کے حصول کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائیگا گوادر ساحل کے ثمرات عوام کو دینے کیلئے جدوجہد جاری رہیگی ساحل پر بھتہ خوری

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

بزدار حکومت کا رمضان المبارک میں صوبے کے عوام کو ریلیف دینے کیلئے تاریخ کا بڑا رمضان پیکیج، 8 ارب روپے مختص

10 کلو آٹے کا تھیلہ 375 روپے کا ملے گا، زرعی فیئر پرائس شاپس پر آلو، پیاز، ٹماٹر سمیت 13 آئٹمز عام مارکیٹ سے کم نرخوں پر ملیں گی

لاہور (آن لائن) بزدار حکومت کا رمضان المبارک میں صوبے کے عوام کو ریلیف دینے کیلئے تاریخ کا بڑا رمضان پیکیج، وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار کی خصوصی ہدایت پر رمضان پیکیج کے لئے 8 ارب روپے مختص کئے گئے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے کہا ہے کہ رواں برس رمضان بازاروں میں عوام کو 2021ء کی قیمتوں کے مطابق اشیاء ضروریہ دستیاب ہوں گی۔ 10 کلو آٹے کا تھیلہ 375 روپے کا ملے گا۔ زرعی فیئر پرائس شاپس پر آلو، پیاز، ٹماٹر سمیت

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

اسلام آباد پیپلزپارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری پریس کانفرنس کررہے ہیں

جزارگی کے تاجروں کو کیڈی اسے آفس کے سامنے دھرنا دینے اور احتجاج پر مجبور نہ کیا جائے، سماجی تنظیموں کا کاز

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ جزارگی زون کے صدر حاجی ظہور احمد کاکڑ جنرل سیکرٹری خان کاکڑ سینئر نائب صدر امروز اقتاب صدر ماسٹر عین اللہ محمود خان بس اڈہ کے صدر حاجی فیض اللہ اچکزئی وکیل خان ہوٹل ایسوسی ایشن جزارگی زون کے

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

حکومت واپوزیشن لوٹ مار، مفادات، عوام کو لوٹنے میں ایک پیج پر متحد ہے، مولانا عبدالحق ہاشمی

حکومت میں شامل مافیاز پہلے اپوزیشن میں تھے آج مفادات کیلئے یہ مافیاز حکومت میں ہے، امیر جماعت اسلامی

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ حکمرانوں کو بدعنوانی بدامنی بے حسی ناکامی کا حساب دینا ہوگا حکومت واپوزیشن لوٹ مار، مفادات، عوام کو لوٹنے میں ایک پیج پر متحد ہے جماعت اسلامی ان نااہل ناکام بدعنوان حکومت واپوزیشن کے خلاف میدان عمل میں ہے فرینڈلی اپوزیشن کو بھی عوام معاف نہیں کریں گے حکومت میں شامل مافیاز پہلے اپوزیشن میں تھے آج مفادات کیلئے یہ مافیاز حکومت میں ہے۔ نیا پاکستان، سب سے

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

تاثر دیا جارہا ہے لوگ بہت ناخوش ہیں، عذاب آگیا ہے، شوکت ترین

اگر ایشیا کے ٹاپ 15 خوشحال ممالک میں پاکستان

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

21 مارچ 2022ء

عوام فیصلہ کریں آپ کدھر کھڑے ہیں؟

وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ رشوت دے کر حکومت بچانے پر لعنت بھیجتا ہوں، جدھر اقتدار ہوتا ہے لوٹا ادھر چلا جاتا ہے، ضمیر فروش پیسے لیکر اپنے ملک اور جمہوریت کا سودا کرتا ہے، آپ جتنا کہیں ضمیر جاگ گیا، لوگ نہیں مانیں گے، جو غلطی کر بیٹھے ہیں، پارٹی سربراہ آپ کے باپ کی طرح ہے، ہمیشہ آپ کے نام کے ساتھ ضمیر فروش لگ جائیگا، آپ کیلئے شادی میں جانا مشکل ہوجائیگا، لوگ آپ کے بچوں سے شادی نہیں کریں گے، اسکول میں آپ کے بچوں کو برا بھلا کہا جائیگا، جو ایم این ایز غلطی کر بیٹھے، آپ کو معاف کردوں گا واپس آجائیں، سندھ ہاؤس میں ایم این ایز کو بند کرکے جمہوریت کا جنازہ نکالا گیا، ملک کی عدلیہ اور الیکشن کمیشن بھی دیکھ رہے ہیں،، عوام فیصلہ کریں آپ کدھر کھڑے ہیں؟ عوام کا پیسہ چوری کرکے حکومت بچانے سے بہتر ہے حکومت چلی جائے، تھری اسٹوجز ملک سے وہ کرنے جارہے ہیں جو دشمن نہیں کرتا۔ وقت آگیا ہے عوام فیصلہ کریں کہ آپ کدھر کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف ملک کے بڑے نامور ڈاکو اکٹھے ہوگئے ہیں، جو ہمارے ایم این ایز کو خریدنے کی کوشش کررہے ہیں دوسری طرف 25 سال ڈاکوؤں کے خلاف جدوجہد کرنے والا ہے، عوام اس جماعت کا ساتھ دیں گے، جو چوروں کیخلاف کھڑی ہے۔ اللہ نے ہمیں یہ نہیں کہا تم نیوٹرل رہو، نہ ادھر نہ ادھر، ملک کی عدلیہ اور الیکشن کمیشن بھی دیکھ رہے ہیں۔ تھری اسٹوجز ملک سے وہ کرنے جارہے ہیں جو دشمن نہیں کرتا، سندھ ہاؤس میں ایم این ایز کو بند کرکے جمہوریت کا جنازہ نکالا گیا، ساری قوم پر لازم ہوجاتا ہے وہ کھڑے ہوں۔

یوم قرارداد کی آمد اور ہماری سیاست

میں سوچ رہا ہوں پون صدی گزرنے کے بعد بھی اگر ہم ایک قوم نہ بن سکے تو کیا یہ ایک المیہ نہیں؟

آج بھی ہم سڑکوں احتجاج پا، غم وغصے سے باؤلے ہوئے جارہے ہیں۔ آخر کیوں؟ آج ہمارے لیڈر صاحبان سراپائے احتجاج ہیں کس کیلیے؟

یہ قومی جہد، حق اور حقوق کی جنگ ہے یا مفادات کا رولا وسیاپا ہے؟

تین روز بعد ہمارا تاریخ ساز دن یعنی یوم قرارداد پاکستان ہے۔

23 مارچ پاکستان کی ڈائمنڈ جوبلی والا سال ہوگا۔ ایک یوم عہد تجدید کا دن۔ مگر آج پاکستان خدشات اور خطرات میں گھرا ہوا آرہا ہے۔ میں تو سخت گھبرایا ہوا ہوں۔ اپنے مستقبل کے سامنے شرمندہ ہونے کے علاوہ کوئی چارہ نہیں ہے۔

اپنی آزادی کے 75 ویں سال میں تو ایک شعوری پختگی۔ ذہنی بلوغت ہونی چاہئے۔ قائدین کے چہروں پر ایک طمانیت اور ولولہ ہونا چاہئے۔ وقت ان سے تدبر کا تقاضا کرتا ہے۔ لیکن وہاں تو برہمی ہے۔ حسد ہے۔ دشنام طرازی ہے۔ میرا پوچھا پوچھ رہا ہے کہ وزیراعظم عمران خان، آصف زرداری، شہباز شریف اور مولانا فضل الرحمٰن کے والدین نے تحریک پاکستان میں حصہ لیا تھا۔ قیام پاکستان میں ان کے خاندانوں کا کوئی حصہ ہے۔ میں الٹا اس سے سوال کررہا ہوں کہ اس کا آج کی صورت حال سے کیا واسطہ ہے۔

میں تو اس کے جواب پر شرمسار ہوگیا ہوں۔ وہ کہہ رہے ہیں اگر ان کے خاندانوں کا پاکستان بنانے میں حصہ ہوتا تو یہ آج اقتدار کی فکر نہیں پاکستان کا خیال رکھ رہے ہوتے۔ آپ کے بچے بھی یقیناً یہی سوچ رہے ہوں گے۔ وہ انٹرنیٹ پر دنیا کو دیکھ رہے ہیں۔ کتنا استحکام ہے۔ زندگی کی کتنی آسانیاں۔ حکمران اپنے لوگوں کا کتنا خیال رکھتے ہیں۔

چوہتر سات دہائیوں کے اپنے مشاہدات کے بعد میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ حکمرانوں اور قائدین کو صرف اقتدار حاصل کرنے کی امنگ ہی نہیں ہونی چاہئے۔ اقتدار سے علیحدگی کا ادراک بھی ہونا چاہئے۔ اقتدار آنی جانی چیز ہے۔ بہت سے لوگ اقتدار سے باہر رہ کر زیادہ محترم ہوجاتے ہیں۔ پہلے جب 80-70 اور 90 کی دہائیوں میں ایسے بحران آئے تو مصطفیٰ صادق جیسے صلح جو آپس میں رابطے کرواتے تھے۔

سردار عبدالقیوم حرکت میں آجاتے۔ بریگیڈیئر نیاز جیسی محترم شخصیتیں متحرک ہوجاتی تھیں۔ ان کی اپنی کوئی خواہش نہیں ہوتی تھی۔ ملک میں استحکام ان کی آرزو ہوتی تھی۔ اب ایسی کوئی ہستی نظر نہیں آرہی ہے۔ میڈیا میں نہ سیاست میں نہ ہی علمائے دین میں بلکہ چلتی پر تیل چھڑکنے میں میڈیا کا ایک حصہ۔ اپوزیشن اور وزرا سرگرم ہیں۔ میں پہلے بھی لکھ چکا ہوں کہ تحریک عدم اعتماد کامیاب ہو یا ناکام۔ انتقام کا ایک خوفناک دور ہر صورت میں شروع ہوگا جو ملک کو اور پیچھے لے جائے گا۔

پارلیمانی نظام ہمارے لیے کبھی استحکام کا باعث نہیں رہا کیونکہ حکمران اقتدار سے چمٹے رہنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ اس میں وسط مدتی انتخاب کی سہولت رکھی گئی ہے۔ ابھی معاملات جو زیادہ نازک اور سنگین ہورہے ہیں، وہ پارلیمانی نظام کی روایات کو نہ اپنانے سے ہورہے ہیں۔ اپنی پارٹی کے اقدامات سے۔ پارٹی لیڈر سے اگر اصولی اختلافات ہوں تو پارلیمانی نظام کا تقاضا یہ ہوتا ہے کہ آپ پارٹی کی وجہ سے ملنے والی اسمبلی کی رکنیت سے دستبردار ہوجائیں۔ آپ کو اگر اپنے حلقے کے ووٹروں کی حمایت حاصل ہے تو وہ آپ کو آزاد یا کسی دوسری پارٹی کے ٹکٹ پر منتخب کریں گے۔

وزیراعظم عمران خان کے لیے بھی بہتر راستہ یہی ہے کہ اگر ان کی پارٹی کے دس سے زیادہ ایم این اے ان کی پالیسیوں پر اعتماد نہیں کررہے تو ان کو قانون کے مطابق مطلوبہ افراد کی حمایت حاصل نہیں رہی تو وہ باعزت طریقے سے قوم کو اعتماد میں لیں اور ایسے منازع اقتدار کو چھوڑ دیں تو عوام ان کے زیادہ گرویدہ ہوجائیں گے۔ انہیں دوبارہ اقتدار میں زیادہ اکثریت سے لائیں گے۔ ہماری بیگم تو کہتی رہتی ہے کہ سلیکٹرز نے اگر واقعی انہیں سلیکٹ کیا تھا تو انہیں وہ تہائی اکثریت کیوں نہیں دلوائی۔ سب کچھ اگر واقعی سلیکٹرز کے ہاتھ میں ہوتا ہے تو ان کی پوزیشن ڈانواں ڈول کیوں رکھی۔

ملک کو بحران سے نکالنا اگر واقعی مقصود ہے تو میرے خیال میں اس کا حل منحرفین اور وزیر اعظم کے استعفوں میں ہی ہے۔ وزیراعظم ان دنوں جو جلسے کررہے ہیں۔ ان کا ثمر بھی انہیں اسی صورت میں یقیناً ملے گا اور یہ جلسے ان منحرفین کے حلقوں میں بھی کیے جائیں۔ پاکستان کی تاریخ میں صرف صدر ایوب خان کا استعفیٰ ہے جو کچھ کچھ وقت پر آیا۔ اسی لیے ان کے جانے کے بعد ان کی یاد آتی رہی۔ یحییٰ خان نے رسوائی کے بعد استعفیٰ دیا۔ بلکہ ان سے لیا گیا۔ بھٹو صاحب بھی اگر قومی اتحاد کے صوبائی اسمبلی کے انتخابات میں بائیکاٹ کے فوراً بعد استعفیٰ دے دیتے تو سرخرو رہتے۔ میاں نواز شریف سپریم کورٹ کے فیصلے سے پہلے استعفیٰ دے دیتے۔

صدر جنرل مشرف 18 فروری کو منصفانہ، آزادانہ الیکشن کروانے کے فوراً بعد استعفیٰ دے دیتے تو کیسا رہتا۔ اسی طرح صدر آصف زرداری 18 ویں ترمیم کی منظوری کے فوراً بعد مستعفی ہوجاتے تو تاریخ میں کتنے اچھے الفاظ سے یاد کیے جاتے۔ اب سندھ ہاؤس میں پناہ گزیں منحرفین کے منظر عام پر آنے کے بعد یہ طے ہوگیا ہے کہ پارٹی کے یہ اراکین اپنے قائد پر اعتماد نہیں رکھتے۔ اس لیے وزیراعظم کو ایوان کی اکثریت کی حمایت حاصل نہیں رہی ہے۔ وہ اگر استعفے دے دیں گے تو یہ ان کی اخلاقی جیت ہوگی۔

پارلیمانی نظام کی یہ قباحتیں اور کمزوریاں ہیں کہ اس میں استحکام نہیں ہوتا۔ اسی لیے ہمارے پڑوس انڈیا میں وزیراعظم نہرو نے شروع میں ہی بڑی زمینداریاں، رجواڑے ختم کیے کیونکہ یہ بااثر لوگ پارلیمانی نظام کے طریق انتخاب پر بھی اثر انداز ہوتے ہیں۔ ہمارے ہاں یہی لوگ 1947 میں برسر اقتدار تھے۔ اس لیے اس ترجیح کو نہیں اپنایا گیا۔ 1958 کے مارشل لا سے پہلے کا جوڑ توڑ دیکھ لیں۔ کتنی بار حکومتیں گرائی گئیں کتنے وزیراعظم آئے۔ اس نظام نے ہماری بنیاد کو ہی مضبوط نہیں ہونے دیا اس کے بعد 1999-1977-1969 میں فوجی حکومتیں اسی لیے قائم ہوتی رہیں۔ یہ بااثر افراد اپنے اپ کو کسی قانون کا پابند نہیں سمجھتے۔ یہ چار پانچ مل کر بیٹھیں تو حکومت وقت خطرے میں پڑ جاتی ہے۔

میں نہ بغض عمران میں ہوں۔ نہ حب عمران میں، صرف اور صرف پاکستان کے استحکام کا آرزومند ہوں۔ اور اپنی تحریر دائمی اصولوں پر مبنی رکھنا چاہتا ہوں۔ موجودہ انتخابی طریقے برقرار رہے۔ پارلیمانی نظام رہا اور انتخابیوں کی بالادستی رہی تو قانون، آئین یوں ہی لاوارث رہیں گے۔ حکومتیں ایم این ایز کی نازبرداری میں اپنی مدت گزارنے پر مجبور ہوں گی۔ ملک میں قانون سازی نہیں ہوسکے گی۔ استحکام خواب رہے گا۔ زندگی دشوار ہوتی رہے گی۔ پاکستان ابھی دنیا سے قریباً 50 سال پیچھے ہے پھر اور پیچھے رہ جائے گا۔ سوال یہ کہ ہم سیاسی طور پر کب سنجیدگی اختیار کریں گے۔ ہم کب سیاست کو ایک مشن اور ایک وژن کا درجہ دیں گے؟

خوں خوار درندوں کے فقط نام الگ ہیں

سمیع اللہ ملک

روس اور یوکرین میں جاری جنگ میں جوں جوں شدت پیدا ہورہی ہے، مغربی وامریکی میڈیا میں اب خوفناک الزامات کی چیخ و پکار شروع ہوچکی ہے اور جواب میں روسی صدر پیوٹن نے عراق، افغانستان، یمن اور شام کے علاوہ دیگر ممالک میں امریکا و مغرب کی جارحیت کے مظالم کا تذکرہ کرتے ہوئے اقوام عالم کو متوجہ کیا ہے لیکن یہ بات بھی سچ ہے کہ آج کا روس جب سوویت یونین تھا تو اس کے مظالم کی تاریخ بھی انتہائی خوفناک ہے۔ آیئے تاریخ اور امریکی ومغربی مورخین ہی کی زبانی حقائق سے پردہ اٹھانے کی کوشش کرتے ہیں:

دہشتگردی کو اگر دہشتگرد کے مذہبی حوالے سے متعین کیا جائے تو ہندوؤں، بدھوؤں، یہودیوں، عیسائیوں اور مسلمانوں میں سے کرۂ ارض پر دہشتگردی کا بانی کون ہے اور کس مذہب کے ماننے والوں نے سب سے زیادہ انسانوں کا خون بہایا ہے؟ یوں تو تاریخ کے صفحات کی چیخیں گواہی ہی ایسے سفاک افراد کیلئے کافی ہے لیکن کیا دنیا کو اس بدامنی کی طرف دھکیلنے والے امریکا نے کوئی سبق حاصل کیا ہے، یقیناً اس کا جواب نفی میں ہے۔ ورنہ جائیں افغانستان پر جو انسانیت سوز مظالم ڈھائے گئے ہیں، اس کو پڑھ کر رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں لیکن مغربی اور امریکی میڈیا کی مجرمانہ خاموشی اور تعصبانہ رویے پر کئی سوال کھڑے ہوگئے ہیں۔

ایک مقامی اخبار میں برطانوی صحافی جیمی ڈوران کی ایک رپورٹ شائع ہوئی۔ جیمی ڈوران کی یہ رپورٹ بیس منٹ دورانیے کی فلم سے ماخوذ ہے جو مزار شریف اور شہر خان کی اجتماعی قبروں کے بارے میں تھی۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ مزار شریف اور شہر خان کے قریب دریافت ہونے والی دو اجتماعی قبروں میں تین ہزار کے قریب طالبان اور القاعدہ کے جانباز ابدی نیند سو رہے ہیں۔ دونوں قبروں میں انسانی باقیات باہر سے نظر آرہی تھیں۔ ان لاشوں پر گوشت خور پرندوں اور جانوروں کے نوچنے کے واضح نشانات موجود تھے۔ ان میں ایک اجتماعی قبر شہر خان قصبے سے آدھ گھنٹے کی مسافت پر ہے جو چار ایکڑ پر محیط ہے۔ یہ قبر مربع شکل کی ہے اور اس میں تین ہزار سے زائد لاشیں دفن ہیں۔ یہ علاقہ افغان نژاد صلیبی کمانڈر عبدالرشید دوستم کے کنٹرول میں تھا جو اپنی سفاکی میں اب ہلاکو اور چنگیز خان سے بھی کہیں زیادہ عالمی شہرت رکھتا ہے۔

فزیشن ہیومن رائٹس کے مطابق یہ لاشیں دسمبر 2001ء یا جنوری 2002ء میں یہاں لاکر دفن کی گئیں۔ یہ بہیمانہ قتل عام اس وقت ہوا جب فضا میں امریکی بمبار طیارے 23 قسم کے ممنوعہ ہتھیار جس میں چھوٹے جوہری بم کلسٹر ونیپام بم اور میزائل "ایم کیو نائن" ریپرڈ کے ساتھ ڈرٹی بموں کی بارش کررہی تھی اور زمین پر امریکی فوج ظلم وستم میں مشغول تھی۔ سنڈے مرر کی رپورٹ کے مطابق امریکی، یورپی اور ان کے افغان اتحادی فوجیوں کی قیدی طالبان قیدیوں کے ساتھ سفاکیت اور درندگی جہاں ایسی دل دہلا دینے والی تھی کہ ہلاکو اور چنگیز خان کی کاروائیوں کو بہت پیچھے چھوڑ گئی تھی وہاں میڈیا کے نمائندوں کو خود پر قابو نہ رہا اور کیمرہ کے پیچھے اور خبر دینے والوں کی حالت بھی غیر ہوگئی اور ان دل دہلا دینے والے خوفناک مناظر نے ان کو ایسا حواس باختہ کیا کہ وہ کئی دن سو نہیں سو سکے۔

قندوز میں جان بخشی اور اچھے سلوک کے وعدے پر 8 ہزار طالبان نے امریکی فوجیوں کے سامنے ہتھیار ڈالے تھے۔ ان میں پاکستانی، عرب اور دیگر درجن بھر ممالک کے مجاہدین شامل تھے۔ جیمی ڈوران اور ان کی فلم میں عینی شاہدین کے حوالے سے بتایا گیا کہ ان طالبان اور القاعدہ مجاہدین کے سروں پر اس وقت گولیاں ماری گئیں جن ان کے ہاتھ پشت پر بندھے ہوئے تھے تاکہ ان کی موت کو یقینی بنایا جاسکے۔ بعض مجاہدین کے نرخرے میں ایک تیز دھار تالی داخل کرکے پٹرول انڈیل دیا جاتا اور بعد میں اس کو آگ دکھا دی جاتی جس سے ہوا میں ان کے جسم بم کی مانند پھٹ کر چیتھڑوں میں اڑ جاتے اور یہ مکار، ظالم اور سفاک دور بیٹھے ان مناظر سے لطف اندوز شراب کی بوتلیں ہاتھوں میں تھامے رقص کرتے تھے۔ ریت کے اس میدان میں جب فلم بنائی گئی تو طالبان اور القاعدہ مجاہدین کی کھوپڑیاں، ہڈیاں، ان کے کپڑے، نماز کی ٹوپیاں، تسبیح، جوتے اور جانوروں کے نوچے ہوئے انسانی ڈھانچے ہر طرف بکھرے پڑے ہوئے تھے۔ عینی شاہدین میں شامل ایک ایسا کرین ڈرائیور بھی شامل تھا جو ہچکیاں لیتے ہوئے بتا رہا تھا کہ کس طرح اسے گن پوائنٹ پر چالیس فٹ لمبا کنٹینر جس میں تقریباً تین سو سے زائد نوجوان مجاہد ٹھونس کر بند کردیے گئے تھے، اس کے نیچے ٹائروں کی آسمان سے باتیں کرتی ہوئی آگ کے اوپر کنٹینر کو معلق کرنے کا حکم دیا گیا، ذرا سوچیں کہ اس کے اندر قید شہداء کا کیا حال ہوگا۔ آخر یہ انسانیت سوز سزاؤں کا موجد کون ہے اور ایسے افراد کو تاریخ کس نام سے یاد رکھے گی؟ رپورٹ کے مطابق جنگ عظیم دوم کے دوران نازیوں کے ظلم وستم، تشدد اور روسیوں کے ہاتھوں قیدیوں کی ہلاکت کی تمام دلخراش داستانیں اس امریکی درندگی کے سامنے ماند ہیں مگر افسوس کہ انسانی حقوق کا علمبردار امریکی میڈیا اس ظلم پر ابھی تک خاموش ہے۔

عینی شاہدین کے مطابق قلعہ جنگی یا (زنگی) میں چھ سو مجاہدین کی شہادت کے بعد امریکی فوج نے قلعے کا کنٹرول حاصل کیا تو وہاں تین ہزار سے زائد نوجوان مجاہدین کی گردنیں مروڑ کر شہید کیا گیا اور اپنی نفرت کے اظہار کیلئے ان کے چہرے مسخ کردیے گئے۔ اس رپورٹ کے مطابق ساڑھے سات ہزار سے زائد قیدی مجاہدین میں سے تین ہزار کو علیحدہ کرکے انہیں شبرغان جیل کی طرف روانہ کیا گیا۔ شبرغان قندوز سے تین دن کی مسافت پر ہے، ہوا بند ہر کنٹینر میں دو تا تین سو قیدیوں کو ٹھونسا گیا۔ ایک عینی شاہد ڈرائیور کے مطابق ڈیڑھ سو سے زائد قیدی فی کنٹینر تو راستے میں سفر کی صعوبتوں اور دم گھٹنے سے شہید ہوگئے تھے۔ ہوا کی عدم دستیابی پر جب قیدیوں نے شور مچایا تو سفاک امریکی کمانڈر نے حکم دیا کہ قیدیوں سے بھرے کنٹینروں پر گولیاں برسا کر ہوا کیلئے سوراخ کیے جائیں۔ ایک ٹیکسی ڈرائیور جس نے ان کنٹینروں کی طویل قطار دیکھی تھی، اس نے بتایا کہ "کنٹینروں سے خون رس رہا تھا اور اس منظر کو دیکھ کر میرے رونگٹے کھڑے ہوگئے اور اب بھی جب یہ منظر میری آنکھوں کے سامنے گھومتا ہے تو نیند کے ساتھ بھوک بھی ختم ہوجاتی ہے۔

شبرغان جیل کے ایک قیدی نے بتایا "میرے سامنے ایک امریکی فوجی نے ہتھکڑی اور پاؤں میں بیڑیاں پہنے ایک مجاہد کی گردن بڑے ہی ظالمانہ انداز میں مروڑ کر توڑ ڈالی اور اس کی تڑپتی لاش پر وہ دیوانہ وار قہقہے لگاتا ہوا چھریاں چلاتا رہا۔" اس نے مزید بتایا کہ "امریکی فوجی طالبان قیدیوں کے سر منڈواتے اور پھر ان کے سروں پر تیزاب یا کوئی ملتی جلتی چیز ڈالتے جس سے وہ قیدی بری طرح تڑپنے لگتے، اس پر امریکی فوجی قہقہے لگا کر محظوظ ہوتے۔ ایک دوسرے قیدی نے بتایا کہ امریکی فوجی طالبان قیدیوں کی انگلیاں اور زبانیں کاٹ کر ان کے سروں پر تیزاب انڈیلتے ہوئے ننگی مغلظات بکتے ہوئے یہ کہتے کہ ان انگلیوں سے تم ہم پر فائر کرتے تھے اور اس زبان سے اللہ کے نام کے نعرے لگاتے تھے، اب اپنے اللہ کو آواز دو کہ تمہیں زمین پر آکر بچائے، وہ اپنے ساتھ کھڑے مترجم سے کہتے کہ ہمارا یہ نفرت بھرا پیغام دیتے ہوئے تمہارے چہرے پر بھی ویسا ہی غصہ جھلکنا چاہئے جیسا تم ہمارے چہروں پر دیکھ رہے ہو۔ ایک اور قیدی نے اپنی آنکھوں دیکھا احوال بتاتے ہوئے کہا کہ امریکی فوجی اپنے دل کو خوش کرنے کیلئے اچانک قیدیوں کو کمرے سے نکالتے، ان کی داڑھیاں منڈواتے، پھر ان پر عجیب ظالمانہ انداز سے اس قدر تشدد کرتے کہ قیدی بے ہوش ہوجاتا۔ جب امریکی مار مار کر تھک جاتے تو قیدیوں کو گھسیٹ کر کمروں میں دوبارہ پھینک دیتے لیکن یہ بہت کم مرتبہ ہوا کہ وگرنہ جانے والا قیدی کبھی واپس نہیں آتا تھا۔

ایک افغان سپاہی نے بتایا کہ ایک امریکی کمانڈر نے کھڑے کنٹینروں کے ڈرائیوروں کو حکم دیا کہ کیمرے کی نظر میں آنے سے قبل ان کنٹینروں کو "دشت لیلیٰ" لے جاؤ اور ان میں موجود زندہ ومردہ تمام طالبان کو دفن کردو۔ دو سے زائد ڈرائیوروں نے تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ 3 ہزار سے زائد قیدیوں کو وہ صحرا میں لے گئے جہاں تیس چالیس امریکی فوجیوں کی نگرانی میں زندہ قیدیوں کو گولیوں سے بھون دیا گیا جس کے بعد چار ایکڑ پر محیط اجتماعی قبر میں سب کو پھینک کر بلڈوزروں کی مدد سے مٹی ڈال دی گئی۔ "سنڈے مرر" کے مطابق ایک کنٹینر ڈرائیور کنٹینر ڈرائیور نے اسے بتایا کہ قیدیوں کی ایک بڑی تعداد بھوک، پیاس اور دم گھٹنے سے ہوئی لیکن حیرت کی بات یہ ہے کہ کسی لاش سے بدبو تک نہیں آئی بلکہ جب ایک اٹھارہ سالہ نوجوان پر اس کی نظر پڑی تو اسے غش آگیا کہ وہ حافظ قرآن تو اس کا اپنا ہی قریبی عزیز تھا اور اس نے زندگی بھر کبھی بندوق کو ہاتھ نہیں لگایا تھا۔

یہ تو امریکی فورسز کے مظالم کی وہ تصویر ہے جو مغربی میڈیا کے نامور صحافیوں نے دنیا کو دکھا کر امریکی فورسز کے بھیانک چہرے کو بے نقاب کیا ہے لیکن کینیڈا کے مشہور ماہر معاشیات، مصنف اور یونیورسٹی آف اوٹاوا کے پروفیسر مائیکل چوسوڈوسکی نے اپنی کتاب "تیسری عالمی جنگ کے پس منظر کی جانب: ایٹمی جنگ کے خطرات" میں انکشاف کیا کہ امریکا افغانستان میں دیگر کئی ممنوعہ روایتی ہتھیاروں کے ساتھ چھوٹے چھوٹے جوہری ہتھیاروں کا بھی استعمال کررہا ہے جبکہ اس سے پہلے وہ عراق میں بھی ان ممنوعہ ہتھیاروں کا استعمال کرچکا ہے۔ اس کتاب کے مطابق امریکی کانگرس نے 2003 میں "غیر روایتی جنگوں میں" ان چھوٹے جوہری ہتھیاروں کے استعمال کی اجازت دی تھی اور کانگرس کے ممبران کے مطابق ان کا استعمال "عام شہریوں کیلئے بالکل بے ضرر" تھا۔

پروفیسر مائیکل کے مطابق امریکا ان جوہری بموں اور میزائلوں کو اپنے اہداف پر گرانے کیلئے "ایم کیو۔ نائن" ریپر نامی ڈرونز کا استعمال کرتا رہا ہے۔ ان ڈرونز میں 50 کلو گرام وزن والے 14 ہیل فائر میزائل لاد کر اڑنے کی صلاحیت موجود ہے لہٰذا اسے مختصر جوہری ہتھیاروں کو مقرر کردہ اہداف پر گرانے کیلئے باآسانی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ امریکی مسلح افواج کے پاس اس وقت ہلاکت خیزی کی مختلف طاقتوں والے 3400 جوہری ہتھیار موجود ہیں جن میں دو ہزار کو مختلف جنگی محاذوں پر تعینات کیا گیا ہے۔ ان مختصر جوہری ہتھیاروں کو عموماً امریکی فوج کے خطرناک حد تک قریب دشمن کے خلاف استعمال کیا جاتا ہے تاہم افغانستان میں اسے پہلی بار تورا بورا کے علاقے میں اسامہ بن لادن کی پناہ گاہ سمجھے جانے والے غاروں کے پیچیدہ جال پر استعمال کیا گیا تھا۔ اس کی تصدیق زلزلہ پیمائی کی تنظیموں کی طرف سے بھی کی گئی تھی جن کے مطابق تورا بورا پر کئی دنوں تک جاری رہنے والی امریکی جنگی طیاروں کی بمباری کے دوران کئی مرتبہ تورا بورا اور گردونواح کے علاقوں میں نصف سے تین ری ایکٹر اسکیل کے زلزلے کے جھٹکے ریکارڈ کیے گئے تھے جو بھاری ترین روایتی بموں کے پھٹنے کا نتیجہ تھے۔

انسانی حقوق کی تنظیم "رائٹ ٹو ہیل" کی ویب سائٹ کے مطابق امریکا کی فوج نے افغانستان میں اپنی موجودگی کے دوران غیر انسانی اور اقوام متحدہ کے ضوابط کے تحت ممنوعہ ہتھیاروں کا بے دریغ استعمال کیا جن کے بے پناہ مضر اثرات ان علاقوں کے لوگوں کو نسل در نسل اپنا نشانہ بناتے رہیں گے جہاں یہ جنگیں لڑی گئیں تھیں۔ امریکا کی طرف سے سفید فاسفورس، نیپام بم، کلسٹر بم (ڈیزی کٹر بم) اور خام یورینیم سے تیار کردہ ڈرٹی بم کے استعمال کے نتیجے میں افغانستان میں بے شمار عام شہری ہلاک اور زخمی ہوچکے ہیں جبکہ ان میں بڑی تعداد بچوں کی ہے جو نہ صرف حملے کے دوران بلکہ کلسٹر بم کی صورت میں متعلقہ علاقے میں جنگ ختم ہونے کے بعد بھی مسلسل موت یا معذوری کا شکار ہورہے ہیں۔ مزید برآں خام یورینیم اور کینسر پھیلانے والے خطرناک مواد کے حامل فوجی سازوسامان کو بے دریغ جلائے جانے کے نتیجے میں انسانی زندگیوں پر زہریلے اثرات مرتب ہورہے ہیں جبکہ خام یورینیم والے ہتھیار جن علاقوں میں استعمال کیے جاتے رہے ہیں، یورینیم کے زہریلے اثرات کی وجہ سے برسوں بعد بھی وہاں نامکمل اور خطرناک جسمانی خدوخال والے بچوں کی پیدائش کا سلسلہ جاری رہے گا۔

اقوام متحدہ کے جنیوا پروٹوکول کے تحت مجموعی طور پر 23 قسم کے روایتی ہتھیاروں کے جنگوں میں استعمال پر پابندی عائد ہے اور تاریخی حقائق کے مطابق امریکا وہ واحد ملک ہے جو مختلف مواقع پر ان تمام ممنوعہ روایتی ہتھیاروں کو اپنے دشمنوں کے خلاف استعمال کرچکا ہے جبکہ ایٹم بم جیسے غیر روایتی ہتھیار کو بھی استعمال کرنے والا یہ دنیا کا واحد ملک ہے۔ 23 ممنوعہ ہتھیاروں کی فہرست جو امریکا آج بھی استعمال کررہا ہے: آگ پھیلانے والے نیپام بم، غبار و بم، خام جوہری مادے سے تیار شدہ ڈرٹی بم، سالٹ بم، زہریلی گولیاں، کھوکھلے سرے والی گولیاں، نابینا کردینے والی لیزر شعاعیں، مائیکرو لیزر شعاعیں، جلا دینے والی پلاسٹک بارودی سرنگیں، بغیر پھٹے بم، آگ پھینکنے اور پھیلانے والے ہتھیار، مسٹرڈ گیس، اعصاب شکن گیس، خود بخود تباہ ہونے والی سرنگیں، فوسجین گیس، آنسو گیس، مرچ اسپرے، نیزوں سے بھرے پوشیدہ گڑھے، حیاتیاتی ہتھیار، چیگا وڑ بم، ٹڈی دل، پسو اور چوہے اور چیچک پھیلانے والے کیمیکل شامل ہیں۔

اقوام عالم کے سنجیدہ لوگوں کے ضمیر کو جھنجھوڑنے کیلئے رپورٹ کے آخر میں امریکا اور مغرب کے دہرے منافقانہ معیار پر طنزاً یہ سوال پوچھا گیا ہے کہ "2003ء میں عراق پر امریکی حملے کا بش انتظامیہ نے یہ جواز پیش کیا تھا کہ صدام حسین نے اپنے عوام کے خلاف کیمیائی ہتھیار استعمال کیے ہیں اور اس کے پاس بڑے پیمانے پر تباہی پھیلانے والے ہتھیار موجود ہیں۔ اس کے ثبوت کے طور پر 1991ء میں کردبانیوں کے خلاف سفید فاسفورس استعمال کی رپورٹ پیش کی جاتی تھیں، اس کے باوجود جب امریکی فوجوں نے پہلے عراق اور پھر افغانستان پر قبضہ کیا تو ان کی طرف سے فوجی مہمات میں جو سفید فاسفورس استعمال کیا گیا وہ عراق میں استعمال ہونے والے فاسفورس سے پانچ گنا زیادہ مہلک تھا، جسے اہداف کو زیادہ نمایاں کرنے والی روشنی اور دھوئیں کی حفاظتی چادر پھیلانے کیلئے استعمال کیا گیا، پھر امریکا اور اس کے حلیف ممالک اب اسے کیسے جائز قرار دے سکتے ہیں؟ یاد رہے کہ برطانیہ کے سابق وزیراعظم ٹونی بلیئر عراق پر حملے کے معاملے پر عالمی میڈیا کے سامنے اپنی غلطی کا اعتراف کرتے ہوئے معافی بھی مانگ چکے ہیں لیکن کیا اتنے بڑے انسانی المیے پر اس کی تلافی ممکن ہے؟

اس چشم کشا رپورٹ میں تمام معلومات کے آخر میں یہ نوٹ بھی تحریر ہے کہ "بہت سے حقائق کو ضابطہ تحریر اور نشر کرنے سے محض اس لئے گریز کیا گیا ہے کہ قارئین اور ناظرین بھی اس خوف سے دوچار نہ ہوں جس کرب سے ہم گزرے ہیں" لیکن اس حقائق سے پردہ اٹھانا اس لئے بھی ضروری ہے کہ پتہ چل سکے کہ اس دور میں انسانیت کا سب سے بڑا دشمن کون ہے!

خوں خوار درندوں کے فقط نام الگ ہیں
ہر شہر بیابان یہاں بھی ہے وہاں بھی

تہذیبوں کا ارتقاء

ایم سرور صدیقی

محمد بن قاسم کے بعد محمود غزنوی تک کے دور کی خطاطی کا کوئی خاص نمونہ میسر نہیں ہے۔ برصغیر میں مسلم حکومت کا دوسرا دور اس وقت شروع ہوا جب سبکتگین نے شمال مغرب کے دروں سے داخل ہوکر برصغیر پر حملہ کیا اور ملتان تک پہنچ گیا۔ اس کی وفات کے بعد اس کا بیٹا محمود غزنوی تخت نشین ہوا۔ اس دور میں برصغیر میں خط نسخ بھی وارد ہوچکا تھا۔ چنانچہ یہاں کوفی، نسخ اور ان میں ترامیم شدہ شکلیں رائج تھیں۔ خطاطی زیادہ تر قرآنی کتابت تک ہی محدود رہی۔ عہد غزنوی کے نمونوں میں سلطان محمود کا ایک سکہ ہے جسے "حنکہ" کہا جاتا تھا۔ اس کے دونوں طرح عربی اور سنسکرت عبارتیں تحریر ہیں۔ اس عہد کا ایک اور مخطوطہ حضرت داتا گنج بخش ہجویری کی کتاب "کشف المحجوب" ہے جسے ابوحامد نامی کاتب نے 436ھ میں تحریر کیا۔ اسی طرح احمد آباد (گجرات) میں "کاچ" نامی مسجد میں ایک کتبہ عربی میں خط نسخ میں تحریر شدہ موجود ہے۔ اس عہد کے دیگر کتبات کو بھی دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ غزنوی دور کے آخر تک خط کوفی اپنی ارتقائی صورت میں اور نسخ ابتدائی صورت میں برصغیر میں موجود تھا۔ یہاں کے کاتب ابن مقلہ اور ابن البواب کی طرز کو اپنا رہے تھے۔ بعد ازاں دیگر تمام خاندانوں غوری، غلاماں، خلجی، لودھی، تغلق وغیرہ کے عہد حکومت کے دوران بھی عربی خط اور خطاطی کو ترقی دی گئی۔ سلطان ناصر الدین محمود قرآن مجید کی کتابت خود کرتے تھے۔ ان کے ہاتھ کا لکھا ہوا ایک نسخہ ابن بطوطہ نے بھی دیکھا تھا۔ غیاث الدین بلبن نہایت عقلمند، مدبر اور متقی بادشاہ تھا۔ قرآنی خطاطی کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کرتا تھا اور جو کاتب اس کو قرآن پاک کا نسخہ لکھ کر پیش کرتا اسے خوب نوازتا اور پھر قرآن پاک کا وہ نسخہ کسی مستحق فرد کو جو اسے پڑھنا چاہتا ہ

شال بلیٹ 1

ہوں گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ریکوڈک محکمہ طور پر دنیا میں سونے اور تانبے کی سب سے بڑی کان ہوگی، یہ منصوبہ ہمیں قرضوں سے آزاد کرے گا اور ترقی اور خوشحالی کے ایک نئے دور کا آغاز کرے گا۔ دریں اثناء وفاقی وصوبائی حکومتوں اور کینڈا کی کینی بیرک گولڈ کے درمیان بلوچستان کے علاقے ریکوڈک میں سونے اور تانبے کے ذخائر دریافت کرنے کے حوالے سے معاہدہ طے پا گیا بلوچستان کو ریکوڈک منصوبے میں 25 فیصد حصے کا شراکت دار بنایا گیا ہے صوبے میں 10 ارب روپے کی سرمایہ کاری ہوگی 1 ارب روپے سماجی بہتری کے منصوبوں پر خرچ ہونگے۔ تفصیلات کے مطابق اتوار کو حکومت پاکستان، بلوچستان حکومت اور کینڈا کی کینی بیرک گولڈ کے درمیان چاغی کے علاقے ریکوڈک میں سونے اور تانبے کے ذخائر دریافت کرنے کے سے متعلق مجوزہ کان کنی سے جاری تنازعہ کو حل کرتے ہوئے معاہدہ طے پا گیا ہے معاہدے پر دستخط کرنے کی تقریب میں وزیراعظم عمران خان، وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو، وفاقی وزراء سمیت دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے، معاہدے کے تحت ریکوڈک منصوبے پر کام کے لئے قائم کی جانے والی نئی کمپنی کا 50 فیصد حصہ بیرک گولڈ جبکہ دیگر 50 فیصد حصہ پاکستان کی ملکیت ہوگا جس میں وفاق اور بلوچستان 25.25 فیصد حصے کے حق دار ہونگے وفاق کا 25 فیصد حصہ ہوگی ڈی سی ایل، پی پی ایل اور گورنمنٹ ہولڈنگز پاکستان میں برابری کی بنیاد پر تقسیم کیا جائیگا جبکہ بلوچستان کا حصہ حکومت بلوچستان کی ملکیت کمپنی کی ملکیت اور کنٹرول میں ہوگا، ریکوڈک منصوبے میں بلوچستان حکومت کے حصے کی سرمایہ کاری اور اخراجات وفاقی حکومت برداشت کریگی جبکہ صوبے کو مائنز کی تیاری میں کسی بھی قسم کے اخراجات نہیں کرنے پڑیں گے، حکومتی ذرائع کے مطابق معاہدے کے تحت بلوچستان میں کم وبیش 10 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری ہوگی جس میں 1 ارب ڈالر سماجی بہتری، سڑکوں، اسکولز، ہسپتالوں، مائننگ کے لئے ٹیکنیکل ٹریننگ ادارے کے قیام کے لئے خرچ ہونگے معاہدے کے تحت 8 ہزار نئی نوکریاں تخلیق ہونگی جبکہ ریکوڈک منصوبہ بلوچستان کو پاکستان میں سب سے زیادہ خام ڈائریکٹ انوسٹمنٹ حاصل کرنے والا صوبہ بنائے گا حکومت کی جانب سے قومی معدنی دولت کے بہتر استعمال کو یقینی بنانے کیلئے پالیسی بنانے پر بھی غور کیا جارہا ہے۔

شال بلیٹ 2

کے منکر ہیں۔ انہوں نے ہماری صلح باتوں کو بھی برداشت کیا۔ بیرک گولڈ کمپنی کے صدر نے کہا کہ ماضی کو بھلا کر مستقبل کی جانب ایک اچھے سفر کا آغاز کرنے جارہے ہیں۔ اعتماد سازی کی فضا بحال کرکے بات چیت کا آغاز کیا۔ نئے معاہدے میں بلوچستان کے عوام کے مفادات اور نوجوانوں کے روزگار کا تحفظ کریں گے۔ معاہدے کے بعد وفاقی وزیر خزانہ شوکت ترین نے وزیر توانائی حماد اظہر اور وزیراعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ 2011 میں عدالت عظمیٰ نے ریکوڈک معاہدہ ختم کردیا تھا جس پر یہ معاملہ بین الاقوامی ثالثی عدالت میں چلا گیا، انٹرنیشنل کورٹ آف آربیٹریشن نے پاکستان پر تقریباً 4.6 ارب ڈالر کا جرمانہ عائد کیا۔ اس کے ساتھ ساتھ لندن کورٹ آف آربیٹریشن میں بھی پاکستان کے خلاف ساڑھے چار ارب ڈالر کا جرمانہ عائد ہوا تھا۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان نے 2019 میں جارحانہ انداز میں یہ معاملہ حل کرنے کے لیے کوششوں کا آغاز کیا۔ وزیراعظم نے ایک ہفتے کی ڈیڈ لائن دی جس نے سخت محنت کی اور چلی کی کمپنی انتوفاگاستا کے ساتھ 950 ملین ڈالر پر معاہدہ ہوا، اس کمپنی نے 25.3 ارب ڈالر کے کلیم کو واپس لیا، یہ کمپنی اب ریکوڈک میں شامل نہیں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ آج جس معاہدے پر دستخط ہوئے اس میں کینیڈین کمپنی بیرک گولڈ کا حصہ 50 فیصد ہوگا، بلوچستان کی حکومت کا حصہ 25 فیصد ہے۔

شال بلیٹ 3

خلاف عدالت سے رجوع کریں گے، عمران خان کو پہلے دن سے ہی تحریک عدم اعتماد میں اپنی شکست نظر آرہی ہے، جو کپتان جیتنے والا ہو، سچ سے بھاگتا نہیں، بزدل عمران خان پہلے دن سے اس عمل سے بھاگ رہا ہے، بغیر کسی ثبوت کے اراکین اسمبلی کے خلاف کرپشن اور پیسے کی لین دین کے الزامات لگائے جارہے ہیں، ہم وزیراعظم کے پروپیگنڈے کو بے نقاب کریں گے، عمران خان کی سوشل میڈیا ٹیم اور وزراء کی مہم کا نوٹس لیا جائے۔ اتوار کو یہاں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عمران خان کو پہلے دن سے ہی تحریک عدم اعتماد میں اپنی شکست نظر آرہی ہے، جو کپتان جیتنے والا ہو، وہ سچ سے بھاگتا نہیں ہے، بزدل عمران خان پہلے دن سے اس عمل سے بھاگ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم وزیراعظم کے پروپیگنڈے کو بے نقاب کریں گے، انہوں نے شکست کے خوف سے سندھ ہاؤس پر اور پارلیمنٹ لاجز پر حملہ کیا، آج بھی جھوٹ کی بنیاد پر پروپیگنڈا کیا جارہا ہے، بغیر کسی ثبوت کے اراکین اسمبلی کے خلاف کرپشن اور پیسے کی لین دین کے الزامات لگائے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس حکومت نے گزشتہ تین سالوں کے اراکین پر کرپشن کے الزامات لگائے، تمام ادارے ان کے ماتحت تھے، نیب، ایف آئی اے اور دیگر تحقیقاتی ادارے ان کے ماتحت تھے اس کے باوجود بھی اپنی جانب سے عائد کردہ الزامات ثابت نہیں کرسکے۔ انہوں نے کہا ہم جانتے ہیں کہ اس حکومت میں کام کرانے کے لیے کہاں کہاں پیسے دیے جاتے ہیں۔

شال بلیٹ 4

طور پر بلوچستان کو ریکوڈک منصوبے سے 33 فیصد سے زائد فائنل انٹیلیٹ حاصل ہوگا اور روزگار کے تقریباً 14 ہزار مواقع دستیاب ہوں گے منصوبے میں بلوچستان کے تمام لوکلس، رائلٹی اور سی ایس آر کا تحفظ کیا گیا ہے اور علاقے کی ترقی کا خصوصی پیکج بھی شامل کروایا گیا ہے سیکرٹری معدنیات نے بتایا کہ معاہدے کے تمام قانونی اور تکنیکی پہلوؤں پر رہنمائی کے حصول کیلئے لا، فرم کی خدمات حاصل کی گئیں انہوں نے ریکوڈک کے سابق اور نئے معاہدے کا تقابلی جائزہ بھی پیش کیا کابینہ کے اراکین کا موقف تھا کہ ریکوڈک منصوبہ بلوچستان کیلئے گیم چینجر کی حیثیت رکھتا ہے وزیراعلیٰ کی قیادت میں بلوچستان حکومت نے ریکوڈک منصوبے کے نئے معاہدے میں بلوچستان کے حقوق اور مفادات کے تحفظ کو یقینی بنایا اور صوبے کے مفاد کے مطابق معاہدے کی تشکیل میں ٹھوس موقف اختیار کیا جس کیلئے وزیراعلیٰ اور ان کی ٹیم مبارکباد کی مستحق ہے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ آج ہم بلوچستان کے مستقبل کا فیصلہ کرنے جارہے ہیں عرصہ دراز سے اقوام کا شکار ریکوڈک منصوبے کو ہم انٹرنیشنل کورٹ سے ہار چکے تھے تاہم متعلقہ وفاقی اور صوبائی اداروں کی تین سال پر محیط محنت کے بعد آج ہم دوبارہ ایک بہتر اور جامع معاہدہ کرنے کے مرحلے تک پہنچے ہیں تجارت کا شکار اس منصوبے کو دوبارہ سے صحیح سمت میں ڈالنے والے تمام ادارے قابل ستائش ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس منصوبے کا سب سے اہم پہلو بلوچستان کے وسائل پر یہاں کے عوام کا حق حکمیت تسلیم کرکے احساس محرومی کا خاتمہ کرنا ہے کیونکہ بلوچستان کے نوجوانوں کو ہمیشہ سے اس بنیاد پر اکسایا جاتا رہا ہے کہ بلوچستان کے وسائل دوسرے صوبوں کیلئے بروئے کار لائے جاتے ہیں۔

شال بلیٹ 5

خان نے دو ٹوک موقف اختیار کیا کہ عوام کا پیسہ چوری کرکے حکومت بچانے سے بہتر ہے حکومت چلی جائے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے لوٹے اور ضمیر فروش کا فرق بیان کیا اور کہا کہ جب حزب اقتدار ہوتا ہے تو ادھر چلا جاتا ہے، ضمیر فروش پیسے لے کر اپنے ملک اور جمہوریت کا سودا کرتا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ یہ لوٹے نہیں بن رہے، ضمیر کے سودے کررہے ہیں اور ضمیروں کے اس سودے کو جمہوریت کا نام دیا جارہا ہے، وقت آگیا ہے عوام فیصلہ کریں کہ آپ کہ ہر کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف ملک کے بڑے نامور ڈاکو اکٹھے ہوگئے ہیں، جو ہمارے ایم این اے کو خریدنے کی کوشش کررہے ہیں۔ عمران خان نے کہا کہ دوسری طرف 25 سال ڈاکوؤں کے خلاف جدوجہد کرنے والا ہے، عوام اس جماعت کا ساتھ دیں گے، جو چوروں کے خلاف کھڑی ہے۔

شال بلیٹ 6

سکیورٹی اداروں اسلام آباد میں حفاظت پر مامور ہوں گے، تمام اہم عمارات کی سکیورٹی 2 اپریل تک کیلئے ایف سی اور رینجرز کے حوالے کردی گئی ہے، اپوزیشن اور حکومت دونوں جلسہ کرنا چاہتے ہیں، تصادم ہوا تو اپوزیشن ذمہ دار ہوگی، اگر کوئی جانی یا مالی نقصان ہوا تو لیڈروں کو نہیں چھوڑوں گا، اپوزیشن کی جانب سے سرے محل اور سوئس اکاؤنٹ سمیت چوری کے پیسے سے بندے خریدے جارہے ہیں، ناراض ایم این اے سے کہتا ہوں مال ان کا کھاؤ اور ساتھ عمران خان کا دو، میں آپ کا وکیل ہوں گا، اتوار کو میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کسی میں ہمت و جرات ہے، کوئی مائی کا لعل ہے تو آکر او آئی سی کا ظہرانہ میں مداخلت کرکے بتائے، میں اس کو بتاؤں گا کہ اس کا نتیجہ کیا نکلے گا اور ان کی بیچیں آسان تک سنائی دیں گی یہ پاکستان کی سلامتی کا مسئلہ ہے۔ شیخ رشید احمد نے کہا کہ اپوزیشن لیک کہہ رہی ہے کہ اسمبلی اجلاس کی ریکوزیشن کے بعد 14 روز میں اجلاس بلانے کی حتمی تاریخ 21، 22 مارچ بنتی ہے تاہم اسمبلی نے 21 جنوری کو قرارداد منظور کی تھی کہ 22 اور 23 تاریخ کو اسمبلی کا بال او آئی سی اجلاس کے لیے وزارت خارجہ کے پاس رہے گا۔

شال بلیٹ 7

مظاہرہ کریں گے ان کے خلاف بیڈ ایکٹ کے تحت کارروائی عمل میں لائی جائیگی کیوں کہ اساتذہ کو سکولوں میں ڈیوٹی پر پابند کرنے کی ذمہ داری ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسران کی ہے، صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ مری نے کہا ہے کہ ہمارا وژن پڑھا لکھا بلوچستان ہے اس مقصد کیلئے ہم دن رات کام کررہے ہیں حکومت نے یکساں نصاب رائج کیا ہے نصاب کی کتب کو تمام سرکاری سکولوں تک پہنچا دیا ہے اب ہمیں اساتذہ کو ڈیوٹی کا پابند بنانا ہوگا، تاکہ شرح خواندگی میں اضافہ اور پڑھے لکھے بلوچستان کے خواب کو عملی جامہ پہنایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ کرونا کی وجہ سے درس وتدریس کا عمل شدید متاثر ہوا ہے اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے تعلیمی نقصان کا ازالہ کریں گے۔

شال بلیٹ 8

سیاسی محاذ پر بے یقینی کردار ادا نہ کرنی تو اداروں کو کامیابی نہ ملتی، ہم ملک کے وفادار ہیں، امریکا سوسائٹی نے عمران خان کی سرپرستی کی، عوام کو دیکھنا چاہیے کس قسم کے نالائق لوگوں کو ملک کا سربراہ بنا دیا گیا، ہر قیمت پر اس حکومت کو گھر بھیجنا ہے، جمہوریت کو کوئی خطرہ نہیں۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ یہ کیسی باتیں کی جارہی ہیں کہ جمہوریت کو خطرہ ہے، نیوٹرل والا بیان جس نے دیا اس سے پوچھیں مطلب کیا ہے، دیکھ رہیں اور دیں کے درمیان تو کیا کیا ہم نیوٹرل ہیں، آئین سے انحراف کوئی بھی نہیں کرسکتا، تحریک عدم اعتماد سے متعلق معاملہ اپریل تک نہیں جائیگا، عدالت کوئی بھی فیصلہ کرتی ہے تو ہمارا بھی فیصلہ لیں گے، دھرنے سے متعلق حالات کو دیکھ کر فیصلہ کرینگے، مجھے کسی اہم ملاقات کے بارے میں علم نہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان گالیاں دیتے ہیں، نوجوانوں کو گالیاں دیتے ہیں، ہر کسی کو چور چور کہتے ہیں کیا اس کو سیاست کہتے ہیں، کوئی چور ہے تو سامنے لائیں، نیب سمیت سب ادارے ان کے پاس ہیں، میں نے کسی کو نہیں کہا مجھے یہ نہ کہو، میں نے کسی سے بات نہیں کی، عمران خان کی پارٹی کو آج لوگ چھوڑ رہے ہیں تو الزامات لگا رہے ہیں، کیا تمہاری پارٹیوں سے بات کریں گے انفرادی سطح پر بات نہیں کرینگے۔ انہوں نے کہا کہ ساتھ دینے کیلئے انفرادی طور پر میں نے کسی سے بات نہیں کی۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ لوگوں کو دعوت دیتے ہیں اپنے مشورے سے آگاہ کرتے ہیں، نور عالم کو بھی اپنی پارٹی میں شمولیت کی دعوت دی گئی ہے، کسی کو نکلنے دینے کا فیصلہ جماعت کی شوریٰ کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تحریک عدم اعتماد کیلئے 190 سے بھی تعداد بڑھ گئی ہے، اتحادی 190 ارکان کے علاوہ ہوں گے، حکومت کے اتحادی ایک دو دن میں فیصلہ کرسکتے ہیں، اتحادی بھی واضح کرچکے ہیں وہ حکومت کیساتھ حریف نہیں چل سکتے، اتحادیوں کیساتھ کوئی تحریری معاہدے کی بات نہیں ہوئی، اتحادیوں کو کوئی گارنٹی نہیں دی گئی، کسی معاہدے کا نہیں معلوم۔ انہوں نے کہا کہ آصف زرداری اور ق لیگ کی ملاقات کا سوال مجھ سے مت پوچھیں، سیاسی لوگ ملاقات میں سیاسی معاملات پر گفتگو کرتے ہیں، کافی عرصے بعد مجھ سے معاملات طے کریں گے تو کچھ وعدے تو ہوں گے، ہم نے اجتماعی طور پر مشاورت کی ہے، مائنس ون کی بات نہیں ہوئی، مائنس ون فارمولہ زیر بحث نہیں آیا، اتحادیوں کا مشورہ ہوسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہباز شریف کا قومی حکومت کا بیان کسی فورم پر آیا تو گفتگو ہوگی۔

شال بلیٹ 9

ترقی کرنے کی، ایکٹری پلانٹ، ہیوی مینوفیکچرنگ، سروس سیکٹر اور ایکسپورٹس تمام شعبوں میں گروتھ نظر آرہی ہے، بجلی سستی ہونے سے عوام کو ریلیف ملا ہے، آنے والے ہفتوں میں مزید اثرات دیکھیں گے، آئی ایم ایف کی جانب سے ہمیں (آج) ہی تک جواب مل جائے گا، فائنل میٹنگ منگل کو ہوگی اتوار کو یہاں پریس کانفرنس کرتے ہوئے شوکت ترین نے کہا کہ تحریک عدم اعتماد سے غیر یقینی صورتحال ضرور پیدا ہوسکتی ہے اس لیے یہ صورتحال اگلے چند دنوں میں ختم ہونی چاہیے، اگر تحریک انصاف کی حکومت نہ رہی تو میں بھی وزیر نہیں رہوں گا، میں اصول پسند آدمی ہوں، لوٹا نہیں ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے یہاں یہ تاثر دیا جاتا ہے کہ لوگ بہت ناخوش ہیں، بہت مارا ماری ہے اور عذاب آگیا ہے تاہم انٹرنیشنل سروے اس کے برعکس بتا رہا ہے۔ وفاقی وزیر خزانہ نے کہا کہ غیر ممالک کی غیر ست میں پاکستان 2018 میں 75 ویں نمبر پر تھا، رواں سال 7 درجے بہتری کے بعد پاکستان 67 ویں نمبر پر آگیا ہے، جبکہ اسی دوران بھارت 133 سے 139 پر آگیا ہے، بنگلہ دیش 115 سے 125 پر آگیا ہے، اقوام متحدہ کا مستند ادارہ گرین پیس کے تاپ 15 غیر ممالک میں پاکستان کو شمار کررہا ہے تو اس کے معاملے پر غور کرنا چاہیے۔

شال بلیٹ 10

اعظم عمران خان کی کوششیں رنگ لے آئیں اور بالآخر دیانے وزیراعظم عمران خان اور پاکستان کا موقف تسلیم کرلیا جس پر وزیراعظم عمران خان اور پاکستانی قوم خصوصی مبارکباد کے مستحق ہیں۔ اس سلسلے میں یہاں سے جاری اپنے ایک بیان میں وزیر خزانہ نے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران خان نہ صرف پاکستان بلکہ امت مسلمہ کے لیڈر ہیں جنہوں نے مسلمانوں کا مقدمہ عالمی فورمز پر موثر انداز میں لڑا ہے اور مسلمانوں کے ساتھ عالمی سطح پر ہونے والی زیادتیوں کے خلاف بھرپور آواز اٹھائی اور یہی وجہ ہے کہ آج عالمی برادری نے پاکستان کے اصولی موقف کو تسلیم کرلیا جو چوری قوم کے لئے اعزاز کی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان نے جس انداز میں کشمیر کا مقدمہ عالمی فورمز پر لڑا ہے اسکی کئی تاریخ میں مثال نہیں ملتی۔

شال بلیٹ 11

خدا کو حاضر ناظر جان کر حلفاً کہتا ہوں بڑے عہدوں کی جتنی آفر مجھے ہوئی ہے کسی کو نہیں ہوئی لوگ تو اقتدار کیلئے جوتیاں اٹھانے کو تیار ہوجاتے ہیں، انہوں نے کہا کہ چار سال سے اقتدار کا روزہ رکھا ہوا ہے اب لگ رہا ہے بہت جلد اپنے ہفتے کے عوام کے ساتھ روزہ کھولوں گا۔ سابق وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ ہفتے کے عوام کو میرے لئے دعوت مانگنے پر بھی شرمندگی نہیں ہوگی میں نے کبھی ضمیر کا سودا نہیں کیا نہ مجھے کوئی دلہن کہے گا۔ سابق وفاقی وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ میرا دینا بھی اپنی خدمت کیلئے موجودہے، کسی کو یہاں آنے کی دعوت نہیں دی۔

شال بلیٹ 12

کے۔ چوہدری فواد حسین نے کہا کہ مخصوص نشستوں پر نئے ممبران نامزد کیے جارہے ہیں، دریں اثناء وفاقی وزیر اطلاعات فواد چوہدری نے کہا ہے کہ پنجاب میں کئی آپشنز پر غور رہا ہے۔ ایک اجتماع میں فواد چوہدری سے سوال کیا گیا کہ عثمان بزدار کو ہٹانے کا کوئی پلان ہے؟ اس پر انہوں نے کہا کہ عثمان بزدار کو ہٹانے کا پلان ہم چاہتے تو نہیں لیکن اس وقت وہاں ایک صورتحال ہے، وزیراعظم یقیناً اس پر غور کریں گے۔ وفاقی وزیر سوال ہوا کہ عثمان بزدار کی تبدیلی پر غور کررہے ہیں؟ اس پر فواد چوہدری کا کہنا تھا کہ پنجاب میں کئی آپشنز پر غور ہورہا ہے۔

شال بلیٹ 13

بھی حکمرانوں نے غیر ملکی کمپنیوں سے معاہدہ کرکے بلوچستان کو گروی رکھ دیا اب اعادہ ناقابل معافی جرم قابل مذمت ہے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ساتھ غداری دولت خوانہ کے آئین و قانون کی بدترین پرچی مسودہ آئین و قانون کے سپریم کورٹ کے فیصلوں کے منافی ہے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے امریکی کمپنی بیرک گولڈ سے یہ معاہدہ کیا ہے جو پہلے ہی بلوچستان کو گذشتہ تیس سال سے سراب کے پیچھے لگایا ہے نہ کچھ کمانا تھا ہے نہ عوام کو فائدہ اس صرف کاغذوں میں وسائل کو تھیلیا متصد ہے تاکہ پاکستان خود باکو اور کمپنی کا مدد نہ کرسکے۔

شال بلیٹ 14

تاریخ میں سنہرے الفاظ میں یاد رکھا جائے گا صوبے میں قیام امن کیلئے ایف سی کی قربانیوں ہمارے لیے مشعل راہ ہے کیونکہ شہید کی جو موت ہے وہ قوم کی حیات ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایف سی بلوچستان کی صوبے میں قیام امن کے ساتھ ساتھ سرحدوں کی حفاظت تعلیم اور صحت کے شعبوں میں قابل قدر خدمات ہیں بلوچستان میں قیام وامان کے لیے پاک فوج وایف سی کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں جس کے اثمرات اور جوانوں نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کرکے بلوچستان کی حفاظت کا فریضہ ادا کررہے ہیں پاک فوج اور ایف سی نے نہ صرف صوبے کے اندر موجود دہشت گردوں کا سامنا کررہی ہے بلکہ ہمارے فوجی افسران اور جوان اصلی ہیرو ہیں۔ جوانوں اور افسروں کی قربانیوں سے بلوچستان میں امن اور استحکام آیا ہے۔ مادر وطن کی حفاظت کیلئے جان قربان کرنے سے بڑی کوئی اور قربانی نہیں ہے ہمارے شہدا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی بلوچستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے والا ایک بھی امن دشمن باقی رہے گا پاک فوج اور ایف سی ان کے خلاف بھی کارروائی کرے گی۔

شال بلیٹ 15

نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا۔ سینیٹر طاہر بزنجو نے کہا کہ 2019 کو چیئرمین سینیٹ کے خلاف تحریک عدم اعتماد کی ناکامی کے بعد شیخ رشید نے کہا تھا کہ جو کام سیدھے طریقے سے نہ ہو وہ ہم توجیزیں کے ذریعے کرتے ہیں ایسا لگتا ہے کہ اب اگلی توجیزیں بے اثر ہوچکی ہیں، انہوں نے کہا کہ حکمران جماعت سینیٹ کی مطالبہ کرے یا بھی کھرا کی صورت میں جمہوری عمل کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ سینیٹر طاہر بزنجو نے کہا کہ تحریک عدم اعتماد جمہوری روایات کا حصہ ہے دوسروں کی پگڑیاں اچھالنے کے بجائے وزیراعظم جمہوری طریقے سے اس کا سامنا کرے۔

شال بلیٹ 16

تھیں۔ انہوں نے کہا کہ ساڑھے تین سال میں 22 برس کے اپنے بیڑھوے پر یوٹرن لینے والے کا نام عمران نیازی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام، جمہوریت اور مغربی اصولوں کی دھجیاں اڑائیں، مسلسل بے ضمیری کا مظاہرہ کرنے والا آج اقتدار جاتا دیکھ کر اخلاق، اصولوں اور نظریات کے پیچھے چھپنے کی بزدلی دکھا رہا ہے۔ جتنی بڑی بڑی باتیں کیں، اتنے ہی کم ظرف طرز عمل کا مظاہرہ کیا۔ بدترین مہنگائی، بے روزگاری، معاشی تباہی، کرپشن اور ہر محاذ پر ناکامیوں کے ریکارڈ عوام بھول سکتے ہیں اور نہ ہی پاکستان تاریخ انہیں جھوٹے ترین، ناکام ترین کرپٹ ترین اور بدزبان ترین شخص کے طور پر یاد رکھے گی۔

شال بلیٹ 17

پہلے اجلاس نہ بلایا تو آئین شکنی ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ آئین شکنی کے بارے میں آرٹیکل 5 واضح ہے اور آرٹیکل 6 میں سزا لکھی ہے، آرٹیکل 95 میں عدم اعتماد کی تحریک کا طریقہ کار واضح ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین سپیکر کو پابند کرتا ہے کہ تحریک جمع ہونے کے بعد کل 7 دن کے اندر اس کارروائی کو مکمل کرے۔ انہوں نے کہا کہ تحریک جمع ہونے کے بعد سپیکر 3 دن کے بعد اور 7 دن سے پہلے رائے شماری کرانے کا پابند ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایوان کو چلانے کے رول 37 تمام متعلقہ طریقہ کار کی مکمل وضاحت کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ رول 37 سپیکر کو پابند کرتا ہے کہ وہ اجلاس کے آغاز اور عدالت کے فوری بعد تحریک عدم اعتماد ایوان میں پیش کرے، اس کے علاوہ وہ کوئی اور کارروائی ایوان میں نہیں کرسکتا۔ انہوں نے کہا کہ تحریک عدم اعتماد کو ایوان میں پیش کرنے کی اجازت کے بعد سپیکر صاحب اجلاس ملتوی نہیں کرسکتے، آئینی و قانونی شقوں سے روگردانی آئین شکنی ہے جو ملک سے غداری اور بغاوت کے زمرے میں آتی ہے۔

شال بلیٹ 18

کال پر گندی باتیں کرنے والا شیخ رشید بدمستی سے ہمارا وفاقی وزیر ہے۔ قاری بلیل نے کہا کہ جو بیجو سے نواز، نواز سے چوہدری برادران، پھر مشرف سے عمران کا ہے شرم چہرا اب ضمیر اور وفاداری کی بات کررہا ہے۔

شال بلیٹ 19

اسمبلی اجلاس کے دوران تمام وزیٹرز کا اسمبلی سیکرٹریٹ میں داخلہ عدت سے ممنوع ہوگا تمام سرکاری وغیر سرکاری مسلح سیکورٹی گارڈز کا بھی داخلہ ممنوع ہوگا اس کے علاوہ تمام محکموں کے سرکاری آفسران اہلکاروں پرنٹ اور الیکٹرونک میڈیا اسمبلی اجلاس کے دوران اسمبلی سیکرٹریٹ میں داخلہ ناقابل ہوگا۔

شال بلیٹ 20

دفاع کرنے والوں میں میرا چور زندہ باد اور تیرا چور مردہ باد کی گونج ہے۔ قوم نے پیپلز پارٹی، مسلم لیگ ن، پی ٹی آئی کو بار بار موقع دیا گذشتہ کئی دہائیوں سے جرنیلوں، وڈیروں، جاگیرداروں، سرمایہ داروں نے اقتدار کے مزے لوٹے لیکن ملک وقوم کے لیے اس کے نتائج بھیانک نکلے۔ تبدیلی کے نام پر آئی حکومت قریب المرگ ہے ہر حکومت نے عوام کے مسائل اور مشکلات میں اضافہ کیا۔ اب ایک چانس اس ملک کو اسلامی نظام کے نفاذ کے لیے بھی دینا چاہیے جماعت اسلامی ملک کو اسلامی فلاحی ریاست بنانے کے لیے برسرپیکار ہے۔ جماعت اسلامی بین الاقوامی استعمار کے غلاموں کے خلاف میدان عمل میں ہے۔ دولت کی غیر منصفانہ تقسیم کی وجہ سے 2 فیصد اشرافیہ، 98 فیصد عوام کے حقوق پر قابض ہے اگر پاکستان میں مخلص اور دیانت دار قیادت ہو تو پاکستان قرضہ لینے کی بجائے دینے قرض دینے والا ملک بن سکتا ہے۔

شال بلیٹ 21

واضح ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن آئین پر عمل کرکے ثابت کرے کہ وہ بنی گالہ کا ٹائیگر نہیں کنٹونمنٹ آف ہاؤس ہے۔ انہوں نے کہا کہ سپیکر آئین کے راستے میں رکاوٹ بنا تو پھر تصادم اور ٹکراؤ کا ذمہ دار سپیکر اور عمران نیازی ہوں گے۔ حافظ حمداللہ نے کہا کہ پی ڈی ایم آئین کی عملداری چاہتی ہے اور آپ کو سپیکر دیکھنا چاہتی ہے بنی گالہ کا ٹائیگر نہیں۔

شال بلیٹ 22

13 آخر عام مارکیٹ سے کم نرخوں پر میں گی۔ انہوں نے کہا کہ رمضان بازاروں میں سبزیوں، پھل اور دالوں کی سستے داموں فراہمی پر 1 ارب 25 کروڑ روپے کی سبسڈی دی جائے گی۔ صوبے بھر میں 317 رمضان بازار 25 شعبان سے فعال ہوجائیں گے۔ رمضان بازاروں کے اوقات کار صبح 9 بجے سے افطار تک ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے ماہ مقدس میں کمزور طبقات کو ریلیف کی فراہمی کیلئے خصوصی ریلیف پیکیج دیا ہے۔ رمضان پیکیج کے ثمرات عام آدمی تک پہنچانے کیلئے مانیٹرنگ کا موثر نظام بنایا گیا ہے۔ رمضان پیکیج کی پائی پائی شفاف کر پہنچائی جائے گی۔ رمضان پیکیج کی خود نگرانی کروں گا۔

شال بلیٹ 23

سے جان خلاصی کا وقت آن پہنچا ہے گزشتہ ساڑھے تین سالوں سے جس طرح انہوں نے ملک کو بیرونی قرضوں کے بھنور چڑھایا آئی ایم ایف کے ایما پر غریب متوسط طبقے کو ناں شہیدہ کا محتاج بنایا ہے بجلی کا حق چھینا گیا اشیاء ضروریہ کے قیمتوں میں ہفتہ وار اضافہ معمول بن چکا تھا ایسے میں جب سے متحدہ اپوزیشن نے ان کیخلاف تحریک عدم اعتماد جمع کرایا ہے تو اسی دن سے ہنگامی وزیراعظم دھونس دھمکیوں پر اتر آیا ہے پارلیمنٹ لاجز اور سندھ ہاؤس پر حملے کرانے جو ان کی حواس باختگی کا منہ بولتا ثبوت ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ وزیراعظم اکثریت کھو چکے لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ جمہوری تقاضے کو پامال اور آئینی طریقے سے سرانجام دینے کیلئے سازگار ماحول کے قیام کو یقینی بنایا جائے بیان میں پی ڈی ایم کی جانب سے 23 مارچ کو اسلام آباد کے ڈی چوک میں احتجاج کا اعلان کیا گیا دریں اثناء عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں گزشتہ روز پشاور، پشاور میں پشتو کے نامور گلوکار ڈاکٹر کرن خان کے گلبرگ شوہر علاقہ ایس ایچ او کی سرکردگی میں حملہ انہیں زدوکوب کرنے اور آلات موسیقی کو توڑنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا گیا کہ واقعہ میں ملوث اہلکاروں اور تمام کرداروں اور محرکات کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائیں ڈاکٹر کرن خان اور ان کی ٹیم پر حملہ صرف ان پر حملہ نہیں بلکہ پشتون کلچر اور فنون لطیفہ کے فروغ پر دہشت گردی کا حملہ ہے۔

شال بلیٹ 24

پہلے پاکستان مدینہ کا اسلامی ریاست بنانے اور ملک سنوارنے کا دعوں پر حکومت اپوزیشن نے عوام کو بار بار دھوکہ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صدارتی نظام کا شوشہ حکومتی ناکامی اور مہنگائی سمیت عوام کے سلگتے مسائل سے توجہ ہٹانے کی کوشش ہے۔ اسلامی نظام میں ہی ملکی ترقی سالمیت اور عوام کے تمام مسائل کا حل ہے کیونکہ صدارتی و پارلیمانی نظام ناکام ہوچکے ہیں۔ جماعت اسلامی حکومتی نا اہلی، مہنگائی، سودی نظام کے خلاف ملک بھر کی طرح بلوچستان بھر میں احتجاج پر ہے مختلف شہروں میں دھرنے دیے جارہے ہیں۔

شال بلیٹ 25

صدر حاجی عبدالباقی اچکزئی محمد خان عبدالحلیم کاکڑ کلیم اللہ دیگر ممبران نے مشترکہ بیان میں کہا کہ ہزار گنجی بس اڈہ مین چوک پر اسمگلی گرین بلٹ پر لینڈ مافیا کا قبضہ کردیا ہے اس قبضہ سے مین پانی دے رواڈ کو بلاک کردیا گیا ہے جس سے بڑے ٹرکوں کا چوری سے گزر مشکل کردیا ہے اور ٹریفک کی روانی مشکل کردیا ہے اس قبضے میں محکمہ کیو ڈی اے کے بعض کرپٹ افسران بھی شریک ہے اور ہمیں پتہ نہیں کہ یہ کرپٹ افسران اور لینڈ مافیا کب تک ہزار گنجی حسن تباہ کرنے بس کریں گے ہم نے کئی بار ان تجاوزین کے قبضہ کے خلاف محکمہ کیو ڈی اے کو تحریری طور پر آگاہ کرچکے ہے لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی ہے آج بھی یہ کرپٹ افسران لینڈ مافیا کی پشت پناہی کررہے ہیں ہم وزیراعلیٰ بلوچستان اور چیف سکریٹری بلوچستان

اسلام میں شدت پسندی یا دہشتگردی کی کوئی گنجائش نہیں، ثمینہ زہری

پاکستان نے اسلاموفوبیا کے خلاف اقوام متحدہ میں بھرپور آواز اٹھائی جسے اُمت مسلمہ میں قدر کی نگاہ سے دیکھا جارہا ہے

دین اسلام امن پسند مذہب ہے اور اسلام میں شدت پسندی یا دہشت گردی کی کوئی گنجائش نہیں، سینیٹر

کوئٹہ (این این آئی) اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے پاکستان اور او آئی سی کی اسلاموفوبیا کے خلاف عالمی دن منانے کی قرارداد کی منظوری پر پوری اُمت مسلمہ مبارکباد کی مستحق ہے۔ اس قرارداد کو منظور کرانے میں پاکستان کا کردار اہم اور قابل تعریف تھا جو کہ اعزاز کی بات ہے۔ ان خیالات کا اظہار سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے اسلاموفوبیا کے خلاف عالمی دن منانے کی قرارداد کی منظوری کے بعد اپنے ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے اسلاموفوبیا کے خلاف اقوام متحدہ میں بھرپور آواز اٹھائی جسے اُمت مسلمہ میں قدر کی نگاہ سے دیکھا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دین اسلام امن پسند مذہب ہے اور اسلام میں شدت پسندی یا دہشت گردی کی کوئی گنجائش نہیں۔ دین اسلام بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

کوئٹہ پاکستان سوسائٹی آف ٹیلر ازم کے تعاون سے 13 ویں 2 سالہ کانفرنس کے موقع پر ڈاکٹر دانیال حسین لیکچر دے رہے ہیں

عمران خان کو چھوڑ کر جانے والوں کا سیاسی مستقبل بالکل تاریک ہے، حاجی سیف اللہ خان کاکڑ

عمران خان کو چھوڑ کر جانے والوں کے سیاسی کیریئر کا دی اینڈ ہو چکا ہے، رہنما تحریک انصاف

تحریک عدم اعتماد بری طرح ناکام ہوگی، انہیں اقتدار کی ہرگز کوئی پرواہ نہیں

کوئٹہ (این این آئی) تحریک انصاف کے رہنما حاجی سیف اللہ خان کاکڑ نے کہا ہے کہ عمران خان کو چھوڑ کر جانے والوں کا سیاسی مستقبل بالکل تاریک ہے اپنے مفاد کیلئے کپتان کا ساتھ چھوڑنے والوں کا سیاسی کیریئر یہیں ختم ہو جائے گا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ حق اور باطل کے درمیان جنگ کا فائنل راؤنڈ شروع ہو چکا ہے اور انشاء اللہ فتح حق کی ہوگی۔ عمران خان انتہائی پر اعتماد ہیں وہ سیاست میں پیسہ اور جائیدادیں بنانے کیلئے نہیں ملک کی خدمت بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

نواں کلی میں پولیس ڈاکو اتحاد بن چکا ہے، رحیم آغا

حکومت اور اعلیٰ احکام نواں کلی میں آئے روز چوری کی بڑھتی ہوئی واقعات کا نوٹس لیں

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ) کے صدر رحیم آغا، جنرل سیکرٹری عمران ترین، حاجی نصرالدین کاکڑ، میر محمد رحیم دنگوئی، حاجی یعقوب شاہ کاکڑ، سید حیدر آغا، اسلم خان اچکزئی، ملک بہادر خان مڑی، ولی افغان، نعمت خان ترین، خان کاکڑ، حسن خان خلجی، حاجی ظہور احمد کاکڑ، منظور خان ترین، محمد جان آغا، عبدالقیوم خلجی، بسم اللہ ترین، فیض محمد داوی، ظہور احمد رند، ڈاکٹر ظاہر خلجی اور دیگر نے نواں کلی میں آئے روز چوری کی وارداتوں بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

نادار کی جانب سے روز بروز عوام کیلئے آسانی قابل ستائش ہے، مولانا محمد ایوب

جمعیت علماء اسلام حق اور سچ پر یقین رکھتے ہوئے ہر اس عمل کی حوصلہ افزائی کرے گی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے نائب امیر مولانا محمد ایوب نے کہا ہے کہ نادرا کی جانب سے عوام کی آسانی کے لئے روز بروز سہولیات کی فراہمی قابل ستائش عمل ہے، جس طرح مرکزی سطح کی ہدایت پر یہاں کے عوام کو مسائل اور مشکلات درپیش تھیں اب وہی صورتحال نہیں ہے، نادرا کے تمام دفاتر خصوصاً ڈبل روڈ پر روانہ کی بنیاد پر جو مسائل حل ہو رہے ہیں اس پر جمعیت علماء اسلام اور دیگر سیاسی جماعتوں کی جانب سے اطمینان ہو رہا ہے۔

سلیکٹڈ حکومت کا خاتمہ قریب ہے، مند ذخیل جعفر

کارکن آئندہ عام اور بلدیاتی انتخابات کی تیاریاں تیز کریں ملک میں شفاف انتخابات اب ناگزیر ہے

تبدیلی کے نام عوام کو ورغلایا گیا لیکن اب عوام کی طاقت سے دھاندلی زدہ حکومت کے خلاف جمہوری پارٹیاں ایک ہے، سابق وزیر

ژوب (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما سابق وزیر شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ دھاندلی زدہ حکومت نے عوام کو مہنگائی اور مایوسی کے سوا کچھ نہیں دیا اب سلیکٹڈ حکومت کا حکومت کا خاتمہ قریب ہے، ملک میں مہنگائی کی وجہ سے ہر طبقہ متاثر ہے، ملک میں حقیقی جمہوریت کی بحالی کے لئے پاکستان مسلم لیگ (ن) نے بہت قربانیاں دی ہے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو جانان ہاؤس میں پارٹی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ تبدیلی کے نام عوام کو ورغلایا گیا لیکن اب عوام کی طاقت سے دھاندلی زدہ حکومت کے خلاف جمہوری پارٹیاں ایک ہے، انہوں نے کہا کہ کارکن آئندہ عام اور بلدیاتی انتخابات کی تیاریاں تیز کریں ملک میں شفاف بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

گوادر حق دو تحریک کے قائد جماعت اسلامی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا ہدایت الرحمان گوادر پورٹ گیٹ پر دھرنے سے خطاب کر رہے ہیں

ملک بھر میں بڑھتی ہوئی مہنگائی نے عوام کو اذیت میں مبتلا کر دیا ہے، مولانا عبدالمالک روخجو

لسبیلہ میں کئی صنعتیں موجود ہیں لیکن ان میں لسبیلہ کے مقامی لوگوں کے لئے روزگار کے دروازے بند ہیں

اوتھل (نامہ نگار) جماعت اسلامی پاکستان کے سربراہ مولانا سراج الحق کی جماعت اسلامی لسبیلہ کی جانب سے ملک میں مہنگائی دیگر مطالبات کے حق میں ڈی سی آفس اوتھل کے سامنے احتجاجی دھرنا دیا گیا دھرنے میں اوتھل بیلہ کے امیر مولانا عبدالمالک روخجو، نور علی صدر یوتھ بیلہ، جماعت اسلامی حب امیر ضلع مولانا نیاز محمد، جنرل سیکرٹری مولانا خالد نے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک بھر میں بڑھتی ہوئی مہنگائی نے عوام کو اذیت میں مبتلا کر دیا بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

گنداواہ شہر میں شادی بیاہ کی تقریبات میں ہوائی فائرنگ پر مکمل پابندی

گنداواہ محمل کمبی (نامہ نگار) گنداواہ شہر میں شادی بیاہ کی تقریبات میں کھلے عام اندھا دھند ہوائی فائرنگ پر مکمل پابندی عائد کی جائے گی.... عوامی حلقوں کی اعلیٰ حکام سے اپیل تفصیلات کے مطابق: گنداواہ بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

سی کے علاقے میں سیکیورٹی فورسز پر حملے کی سخت مزمت کرتے ہیں، میر سلیم احمد خان کھوسہ

ایف سی نے بلوچستان میں قیام امن کیلئے جو گرقدر خدمات سرانجام دے رہی ہے

ماچھی پور (نامہ نگار) رکن صوبائی اسمبلی میر سلیم احمد خان کھوسہ نے سبی کے علاقے میں سیکیورٹی فورسز پر حملے کی سخت مزمت کرتے ہوئے دہشت گردی کے واقعے میں شہید ہونے والے جوانوں پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایف سی نے بلوچستان میں قیام امن کیلئے جو گرقدر خدمات سرانجام دے رہی ہے انہیں تاریخ میں سنہرے الفاظ میں یاد رکھا جائے گا۔ صوبے میں قیام امن کیلئے ایف سی کی قربانیاں ہمارے لیے مشعل راہ ہے کیونکہ شہید کی بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر ثقافت عبدالخالق ہزار و احمد علی کو ہزارہ ڈویژن کی تورانی جشن نوروز کا افتتاح کر رہے ہیں

محکمہ ایجوکیشن کی خالی اسامیوں کو اپنے من پسند افراد کو نوازنے کیلئے تیاریاں کیے جارہے ہیں

کوہلو (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق صوبائی حکومت نے محکمہ تعلیم کی خالی آسامیاں پر کرانے کے ٹیسٹ و انٹرویو کا شیڈول جاری کر دیا ہے دوسری طرف بلوچستان ضلع کوہلو میں محکمہ ایجوکیشن کے خالی آسامیوں کی بھرتیوں کے لئے 18 گریڈ آفیسر کو ترقی دے کر 19 گریڈ کا جعلی نوٹیفکیشن جاری کرنے کا انکشاف ہوگیا ہے ذرائع کے مطابق ڈسٹرکٹ ایجوکیشن بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

تعلیم کے حوالے سے صوبائی حکومت بلوچستان کے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے ہیں، عطاء اللہ جامعوٹ

تحصیل بھاگ کے اکثر اساتذہ کرام ایسی بدترین صورت حال میں پریشان ہو کر رہ گئے

بولان (نامہ نگار) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن تحصیل بھاگ کے صدر عطاء اللہ جامعوٹ اور دیگر عہدیداروں نے اپنے ایک اخباری بیان میں محکمہ تعلیم پر تعجب اور حیرانگی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم کے حوالے سے صوبائی حکومت بلوچستان کے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے ہیں 2 ماہ کا عرصہ گزر چکا ہے مگر تاحال تحصیل بھاگ کے پرائمری سکولز کو نئے سال کی کتب کا حصول عذاب بن کر رہ گیا ہے نئے یکساں نصاب تعلیم کے اکثر اور مضامین غائب کر دیئے گئے بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

زیارت کے مختلف علاقوں اور یونین کونسل سارو کے مختلف علاقوں میں فری ویٹرنری کیمپ کا انعقاد

ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد دین دمڑ نے مالداروں کو یقین دلایا کہ مستقبل قریب میں بھی ایسے کیمپ کا انعقاد کیا جائے گا

زیارت (ن خ ن) صوبائی وزیر لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ اکبر آسکانی، سیکرٹری لائیو سٹاک طیب لہڑی، ڈی جی لائیو سٹاک ڈاکٹر غلام رسول تاج، ڈائریکٹر بی ڈویژن جان محمد صافی کی خصوصی ہدایت پر ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو سٹاک ڈاکٹر محمد الدین دمڑ کی زیر نگرانی میں ڈاکٹر حبیب الرحمان اور دیگر نے زیارت کے مختلف علاقوں الھدان، گوگی، سرخی، غوزی، رودگی، اتھوتی اور یونین کونسل سارو کے مختلف علاقوں میں فری ویٹرنری کیمپ کا انعقاد کیا جس میں مالداروں بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

دین اسلام ایک بھائی چارے اور امن کا درس دیتا ہے، مولانا محمد رحیم طاہری

اوتھل (نامہ نگار) مدرسہ روح الاسلام طاہریہ میں مہتمم معروف عالم دین علامہ مولانا محمد رحیم طاہری نے ضلع بدین کے رہائشی ایک نوجوان ہندو بنیل کو کلمہ طیبہ پڑھا کر مسلمان کرا دیا تفصیلات کے مطابق مدرسہ روح بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

خاران سٹی کلان بکرا منڈی کے مقام پر نامعلوم چوروں نے فائرنگ کر کے حافظ صالح کو زخمی کر دیا

خاران (نمائندہ خصوصی) خاران سٹی کلان بکرا منڈی کے مقام پر حافظ صالح ولد عبدالرزاق ملازئی کو موبائل چھیننے کے دوران مزاحمت پر نقاب پوش چوروں نے تانگ سے گولی فائرنگ کر کے زخمی کر دیا، جسے زخمی حالت میں ڈویژنل ہیڈ کوارٹر ہسپتال منتقل کر دیا گیا، مزید تفتیش خاران پولیس کر رہی ہے۔

موجودہ حکومت میں ملکی معیشت ترقی کی راہ پر گامزن ہے، رفیع اللہ ترین

تاریخ میں پہلی بار ملک کی ریمیٹنس، ایکسپورٹ بڑھی ہے

کوئٹہ (این این آئی) موجودہ حکومت میں ملکی معیشت ترقی کی راہ پر گامزن ہے کورنا وائرس کی وباء اور (FATF) کے گرے لسٹ کے باوجود معیشت کی بہتری حکومت کے مثبت فیصلوں کا ثمر ہے، انٹین چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ترجمان رفیع اللہ ترین نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ تمام تر معاشی، سیاسی، خارجی مشکلات، بین الاقوامی سطح پر ملک کا آئی ایم ایف اور ملک کا اے ٹی ایف کے گرے لسٹ میں ہونے کی وجہ سے ملکی معیشت تباہی بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

موجودہ حکومت عوام کو ریلیف دینے میں مکمل ناکام ہو چکی ہے، حافظ محمد یوسف گویا

قائد پی ڈی ایم کی قیادت میں پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا مارچ اسلام آباد میں ہوگا

بھاگ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام تحصیل بھاگ کی مجلس عاملہ و سنیئر اراکین کا اجلاس لانگ مارچ تیاریوں کا جائزہ اجلاس تحصیل امیر حافظ محمد یوسف گویا کی زیر صدارت مدرسہ تعلیم القرآن میں منعقد ہوا، اجلاس میں سرپرست بزرگ رہنما حافظ عبدالرشید گویا، جنرل سیکرٹری مولانا عبدالسلام مندرانی، مولانا کریم داد وحا، مولانا جہانگیر خان بمبان، استاد عبداللطیف جامزہ، حافظ محمد طارق مستوئی، کشمیر بمبان حافظ خالد حسین جامزہ محمد عمر سومرو حافظ غلام بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو صوبائی مشیر نوابزادہ گہرام خان بگٹی ملاقات کر رہے ہیں

گم شدہ بچی کو سکھر پولیس نے اہلخانہ کے حوالے کر دیا

روجھڑی (نامہ نگار) درگاہ صدرالدین شاہ بادشاہ کے سالانہ عرس سے گم ہونے والی 4 سالہ شازیہ کو پولیس نے تلاش کر لیا۔ بچی پری شازیہ اپنے اہلخانہ کے ہمراہ زیارت کیلئے درگاہ صدرالدین بادشاہ پہنچی جہاں سے وہ اپنے اہلخانہ سے الگ ہوگئی۔ اہلخانہ نے بروقت پولیس کو اطلاع دی جس پر ایس ایس پی سکھر سنگھار ملک نے واقع کا نوٹس لیتے ہوئے پولیس کو بچی کی تلاش و برامدگی کے احکامات جاری کیے۔ موثر حکمت عملی بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

لانگ مارچ اسلام آباد میں انصار الاسلام کا ہراول دستہ کردار ہوگا، مولانا عبدالرحمن رفیق

جمعیت علمائے اسلام ملک کی سب سے بڑی سیاسی و مذہبی قوت ہے، جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق صوبائی جوائنٹ سیکرٹری سینیٹر نائب امیر مولانا خورشید احمد نے کہا ہے کہ لانگ مارچ اسلام آباد میں انصار الاسلام کا ہراول دستہ کردار ہوگا، ضلع بھر سے انصار الاسلام کی رجسٹریشن مکمل ہو چکی ہے۔ دریں اثناء جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا حافظ مسعود احمد ضلعی سالار مولانا حافظ سعد اللہ آغا مولانا مفتی ابوبکر حاجی عبداللہ سلیمان نے جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

کوئٹہ کے مقامی ہوٹل میں 13 ویں دو سالہ انٹرنیشنل کانفرنس منعقد کی گئی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان سوسائٹی آف ٹیلر ازم کے زیر اہتمام آئی ایس این اور اے پی ایس این کے تعاون سے کوئٹہ کے مقامی ہوٹل میں 13 ویں دو سالہ انٹرنیشنل کانفرنس کے اختتامی روز مختلف سیشنز کا انعقاد کیا گیا جس میں گردوں کے امراض، ٹرانسپلانٹیشن ڈائیلاسز کے مراحل کے بیمہ کاری و پیسنٹیشن بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

بلوچستان ملازمین اتحاد کا صوبے بھر میں احتجاج، ہڑتال کا اعلان

بلوچستان بھر میں ہر فورم پر آواز اٹھانے اور حقوق کیلئے منظم جدوجہد کی تاکید و فیصلہ کیا گیا ہے

بی ڈی اے کے تمام کنٹریکٹ و پراجیکٹ ملازمین کو مستقل کیا جائے بی اینڈ آر کے 361 ملازمین کو بحال کیا جائے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ملازمین و مزدوروں اور صنعتی محنت کشوں کے فوری حل طلب مسائل کے حل تحفظ اور اضافے کیلئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو اور صوبائی وزراء کو پیش کردہ بلوچستان ملازمین اتحاد کے چارٹر آف ڈیمانڈ پر عمل درآمد کیلئے کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں 30 مارچ کو بھرپور احتجاجی مظاہروں اور ریلیاں نکالنے کا اعلان کر دیا گیا اس لائحہ عمل کا فیصلہ بلوچستان ملازمین اتحاد کے ایجوکیشن ڈائریکٹریٹ میں اتحاد کے وائس چیئرمین قاسم خان کی قیادت ہونیوالے اجلاس میں کیا گیا ہے اجلاس میں شریک بلوچستان کی تمام ملازمین و مزدور تنظیموں فیڈریشنوں کے مرکزی قائدین نے مسائل پر طویل بحث کی گئی اور فیصلہ کیا گیا بلوچستان بھر سے کسی محنت کش و مزدور و ملازم بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

آزاد حیثیت میں الیکشن جیتنے کے بعد پی ٹی آئی میں شمولیت اختیار کی، غفار وڈیلہ

ہمارا کام نہیں ہوتا ہم جب کوئی ناراضگی کا اظہار کرتے ہیں تو الزام لگا دیئے جاتے ہیں

پیسے لینے والے پر میں لعنت بھیجتا ہوں، رشوت لینے اور دینے والا جہنمی ہے، ویڈیو بیان

اسلام آباد (نمائندہ شال جزاک اللہ) 2018 کے الیکشن میں آزاد حیثیت سے جیت کر پی ٹی آئی میں شامل ہونے والے غفار وڈیلہ نے کہا ہے کہ الیکشن جیتنے کے بعد پی ٹی آئی میں شمولیت اختیار کی۔ اپنے بیان میں ویڈیو پیغام میں انہوں نے کہا کہ 2018 میں حلقہ این اے 166 بہاولنگر سے آزاد حیثیت سے جیتا، الیکشن جیتنے کے بعد پی ٹی آئی میں شمولیت اختیار کی۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت پی ٹی آئی کا نعرہ تھا کرپشن مکاؤ، میں ان ساڑھے تین سالوں میں اپنے حلقے میں ایک کام بھی نہ کروا سکا، میرا مطالبہ تھا کہ میرے حلقے کو سی پیک اور موٹروے کے ساتھ لنک کیا جائے، جب ہمارا کام نہیں ہوتا تو ہم جب کوئی ناراضگی کا اظہار کرتے ہیں تو ہم پر الزام لگا دیے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مجھ پر الزام لگایا گیا کہ میں نے کروڑوں روپے لیے، میں بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

بھارتی میزائل واقعے پر پاکستان کا محتاط ردعمل قابل تعریف ہے، وزیر خارجہ آسٹریا

افغان مسئلے پر انہوں نے آسٹریا اور پاکستان کے نقطہ نظر میں یکسانیت کا مشاہدہ کیا جو افغان عوام کے لیے سلامتی اور استحکام کے خواہاں ہیں

ہمیں بھی اس پر تشویش ہے، بھارتی میزائل واقعے پر پاکستان کا محتاط ردعمل قابل تعریف ہے، وزیر خارجہ الیگزینڈر شیلن برگ

ویانا (این این آئی) آسٹریا کے وزیر خارجہ الیگزینڈر شیلن برگ نے نیوکلیئر ازم کو جنوبی ایشیائی ماحول میں میزائل حادثے کو دوبارہ ہونے سے روکنے اور بھارت اور پاکستان کے درمیان مزید اعتماد سازی کے اقدامات کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق خصوصی بات چیت میں الیگزینڈر شلن برگ نے امید ظاہر کی کہ دوبارہ ایسے کسی واقعے سے بچنے کے لیے تمام ضروری اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ آسٹریا کے وزیر خارجہ نے اس واقعے کو میزائل کے حادثاتی فائرنگ کے معاملے کے طور پر دیکھا اور اس پر تشویش کا اظہار کیا۔ تاہم انہوں نے پاکستان کے محتاط ردعمل کی تعریف کی جس نے ممکنہ تصادم کو ٹالا۔ انہوں نے زور دیا کہ یہ عمل اور اعتماد سازی کے اقدامات کی بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ایڈمنسٹریٹر شوکت علی کی ہدایت پر چیف آفیسر عطاء اللہ بلوچ و دیگر مسجد روڈ پر دوکانوں کے سامنے تجاوزات کیخلاف کارروائی کر رہے ہیں

ملک کو خانہ جنگی کی طرف لیجایا جارہا ہے، میر شیر خان لہڑی

حکومت اور اپوزیشن کا تصادم معاملات کو کسی اور طرف لے جائیں گے

حکمرانوں نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی ہے عوام کے مسائل میں اضافہ ہو رہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) ملک کو خانہ جنگی کی طرف لیجایا جارہا ہے۔ حکومت اور اپوزیشن کا تصادم معاملات کو کسی اور طرف لے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار ممتاز قبائلی سیاسی سماجی شخصیت میر شیر خان لہڑی نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انھوں نے کہا ہے۔ کہ عوام موجودہ حکمرانوں سے بیزار آچکے ہیں۔ حکمرانوں نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی ہے عوام کے مسائل میں اضافہ ہو رہا ہے مہنگائی نے لوگوں کو بچوں سمیت خودکشیوں پر مجبور کر دیا ہے۔

نیشنل پیپلز پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات نور الحق بلوطری کا اپنے پوتے آفتاب احمد رانی کے شادی کے موقع پر لی گئی گروپ فوٹو

23 مارچ تجدید عہد کا دن ہے، رضاء الرحمٰن

یہ دن نوجوان نسل جوش جذبہ اور ولولے کیساتھ منا کر نہ صرف ملک سے اپنی محبت کا اظہار کریں

کوئٹہ (این این آئی) سینئر صحافی کوئٹہ پریس کلب کے سابق صدر رضاء الرحمٰن نے کہا ہے کہ 23 مارچ تجدید عہد کا دن ہے، یہ دن نوجوان نسل جوش جذبہ اور ولولے کیساتھ منا کر نہ صرف ملک سے اپنی محبت کا اظہار کریں بلکہ اس کی تعمیر ترقی و استحکام کیلئے بھی اپنا بھرپور کردار ادا کرنے کا عہد کریں، یہ بات انہوں نے اتوار کو میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

ریٹائرڈ ملازمین کو پنشن کی وصولی کے حوالے سے پریشانیوں کا سامنا ہے، محمد ایوب گنگو

پنشنرز کے جائز مسائل کے حل کے لئے کسی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائیگا

خضدار (این این آئی) بلوچستان پنشنرز ویلفیئر ایسوسی ایشن خضدار ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلع بھر سے تعلق رکھنے والے ریٹائرڈ ملازمین کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اجلاس میں پنشنرز کے حقوق کے تحفظ کے لئے باقاعدہ کابینہ تشکیل دی گئی اور اتفاق رائے سے محمد ایوب گنگو کو چیئرمین، صابر حسین قلندرانی صدر، محمد ایوب گزوزئی وائس چیئرمین، عبدالرزاق قاضی جنرل سیکرٹری، عبدالرحمان لہڑی ڈپٹی جنرل سیکرٹری، عبدالغفار فنانس سیکرٹری، حاجی بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

پرنس احمد علی بلوچ کی محمد رمضان بلوچ کی ہمشیرہ کی وفات پر اظہار تعزیت

لسبیلہ (نمائندہ خصوصی) حب/سابق صوبائی وزیر ماحولیات بلوچستان پرنس احمد علی بلوچ اور سابق کونسلر میونسپل کارپوریشن حب زبیر گچر نے محلہ عبداللہ کی معزز شخصیت سابق کونسلر ماما مسکان کی صاحبزادی، بھوتانی گروپ کے رہنما محمد رمضان بلوچ کی ہمشیرہ کی وفات پر فاتحہ خوانی و تعزیت کی۔

ی پی این ای کی بلوچستان کے صحافی غلام فاروق کی انسداد دہشتگردی دفعات کے تحت گرفتاری پر شدید مذمت

صدر کاظم خان کا گزشتہ 4 روز سے لاپتہ صحافی غلام فاروق کی فوری رہائی اور مقدمات ختم کرنے کا مطالبہ

کراچی (پ ر) کونسل آف پاکستان نیوز پیپر ایڈیٹرز (سی پی این ای) نے روزنامہ گوادر ٹائمز سے وابستہ سینئر صحافی غلام فاروق کو بلوچستان پولیس کی جانب سے ڈھاڈر کے علاقے سے گرفتار اور نامعلوم جگہ منتقل کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ سی پی این ای کے صدر کاظم خان، سیکرٹری جنرل عامر محمود اور نائب صدر بلوچستان انور ساجدی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان میں آزادی اظہار اور آزادی صحافت کی انتہائی تشویشناک صورتحال ہے۔ بلوچستان میں ریاستی و غیر ریاستی عناصر کی صحافیوں کے خلاف کارروائیاں انتہائی تباہ کن اور بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

شہید نصیب اللہ فٹبال کپ اور ویٹرن فٹبال کپ کے درمیان افتتاحی میچ کھیلا گیا

نصیر آباد (این این آئی) گولڈن جوبلی یوم پاکستان 23 مارچ کے سلسلے میں اسپورٹ فیسٹیول کا انعقاد کیا جارہا ہے جس میں بیڈمنٹن، کرکٹ اور فٹبال سمیت دیگر علاقائی گیم ڈسٹرکٹ کی سطح پر کرائے جائینگے۔ جس میں 23 مارچ یوم پاکستان کے حوالے سے بلوچستان اسپورٹ بورڈ اور ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کی جانب سے ڈسٹرکٹ فٹبال کمیٹی کے نگرانی میں فٹبال ٹورنامنٹ کا افتتاح کیا گیا جس کے مہمان خاص ڈپٹی کمشنر نصیر آباد اظہر شہزاد تھے۔

ڈاکٹر مالک بلوچ: ریکوڈک کے حوالے خفیہ معاہدہ کسی صورت قبول نہیں

ریکوڈک کے حوالے سے خفیہ معاہدہ کسی صورت قبول نہیں جس معاہدے کے بارے میں بلوچستان کے عوام کو آگاہی نہیں

ملک میں اس وقت سیاسی بحران ہے مرکزی حکومت کے خلاف تحریک عدم اعتماد آچکا ہے، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی کابینہ کا اجلاس مرکزی صدر سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک کی صدارت میں کوئٹہ میں منعقد ہوا اجلاس میں ملکی سیاسی صورتحال اور بلوچستان کے مسائل کو زیر بحث لایا گیا۔ اجلاس نے ریکوڈک کا پراجیکٹ گولڈ معاہدہ کو بلوچستان کے عوام کے قومی وسائل پر قبضہ کرار دیکر عوام دشمن معاہدے کو مکمل طور پر مسترد کر دیا۔ مرکزی کابینہ نے ریکوڈک معاہدے کو ترقی کے نام پر عوام کے ساتھ فراڈ کرار دیا اور موقف اختیار کیا کہ بلوچستان سرکار کو قومی وسائل کو اونے پونے داموں فروخت کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی بلوچستان کے عوام اور نیشنل پارٹی ریکوڈک کا پراجیکٹ گولڈ پروجیکٹ معاہدے کو مسترد کرتے ہیں۔ نیشنل پارٹی کی مرکزی بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکریٹریٹ کے اعلامیہ

کوئٹہ (ن خ ن) بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکریٹریٹ کے اعلامیہ کے مطابق گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے آئین کے آرٹیکل (a)109 کے بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

مسلط شدہ حکمران نے غریبوں عوام کا جینا حرام کر دیا ہے، ڈاکٹر قاسم بلوچ

کوئی سلیکٹڈ سرکار پر بھروسہ کرنے کو تیار نہیں لوگ اپنے اور بچوں کے مستقبل کیلئے پریشانی سے دوچار ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان غریبوں کی پارٹی کے چیئرمین ڈاکٹر قاسم بلوچ نے کہا ہے کہ مسلط شدہ حکمران نے غریبوں عوام کا جینا حرام کر دیا ہے اور غریبوں کا کمر توڑ مہنگائی کے وجہ سے لوگ خودکشیاں پھر مجبور مسلط شدہ حکمران کے اقتدار کا ایک ہفتہ باقی ہیں جس کی وجہ سے وہ بوکھلاہٹ کو شکار ہو گئے ہیں سرمایہ دار ملک سے اپنے پیسے باہر منتقل کر چکے ہیں کوئی سلیکٹڈ سرکار پر بھروسہ کرنے کو تیار نہیں لوگ اپنے اور بچوں کے مستقبل کیلئے پریشانی سے دوچار ہیں انہوں نے کہا ہے کہ 2018 کے انتخابات میں معمولی غلطی کے وجہ آج غریب عوام مہنگائی کے چکی میں پس رہے ہیں۔

بروری سب ڈویژن میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بدستور جاری ہے

لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے زندگی مفلوج ہو گیا کاروبار نہ ہونے کی برابر ہو گیا

کوئٹہ (آن لائن) بروری سب ڈویژن میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بدستور جاری ہے جس کی وجہ سے لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے زندگی مفلوج ہو گیا کاروبار نہ ہونے کی برابر ہو گیا ہے پورا دن عوام بجلی سے محروم رہتا ہے دوسری جانب درزیوں کا سیزن شروع کے باوجود کاروبار نہ ہونے کی برابر ہیں کیسکو کا شکایت سیل کا نمبر بھی نہیں لگتا علاقہ بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

کیسکو کا واجبات کی عدم ادائیگی اور بجلی چوروں کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری

چھاپہ مار ٹیم نے سبی شہر اور نواحی علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے درجنوں ٹرانسفارمر اتار دیے

سبی (آن لائن) کیسکو کا واجبات کی عدم ادائیگی اور بجلی چوروں کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری، چھاپہ مار ٹیم نے سبی شہر اور نواحی علاقوں میں کارروائی کرت